www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 18 شعبان 1447ھ 07 فروری 2026ء صفحات 08 | شمارہ 215

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

سیکیورٹی فورسز کی خیبرپختونخوا میں فتنہ الخوارج کیخلاف کارروائیاں، بھارتی حمایت یافتہ 24 دہشتگرد ہلاک

ضلع اورکزئی میں خفیہ اطلاعات پر سیکورٹی فورسز نے آپریشن کے دوران خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 14 خوارج ہلاک کردیئے

ضلع خیبر میں فائرنگ کے تبادلے میں مزید 10 خوارج ہلاک مارے گئے، علاقے میں دیگر بھارتی سرپرست خوارج کے خلاف سرچ آپریشن جاری ہیں، آئی ایس پی آر

صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی خیبرپختونخوا میں فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب آپریشن اور 24 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو شاباش

اسلام آباد (شاکر رحمان) سیکورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا میں ... کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: فائرنگ سے پولیو مہم کی سیکورٹی پر مامور اہلکار شہید

واقعہ یوسی روغانی جانان آباد میں پیش آیا، شہید اہلکار کی نماز جنازہ ادا

چمن (اسمعول اچکزئی) بلوچستان کے سرحدی شہر چمن میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے انسداد پولیو مہم کی سیکورٹی پر مامور اہلکار شہید ہوگیا واقعہ چمن کے علاقے یوسی روغانی جانان آباد میں پیش آیا جب پولیو ٹیم اپنی معمول کی مہم کے سلسلے میں علاقے میں موجود ... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

گرینڈ الائنس کے مرکزی صدر عبدالقدوس کاکڑ کو رہا ہونے پر ہار پہنائے جارہے ہیں

اسلام آباد دھماکہ، بھارت طالبان گٹھ جوڑ، ریاست پوری قوت سے اس ظلم کا جواب دیگی، وزیر دفاع

مسجد میں نمازیوں کو شہید کرنے والے دین اور وطن دونوں کے دشمن ہیں، حملے میں ملوث دہشت گرد کا افغانستان آنا جانا ثابت ہوا ہے

ہندوستان عبرتناک شکست کے بعد اپنی پراکسیز کے ذریعے جنگ لڑ رہا ہے کیونکہ اس کی براہ راست جنگ لڑنے کی ہمت نہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں دھماکا بھارت اور طالبان کا گٹھ جوڑ ہے۔ اپنے بیان میں وزیر دفاع نے کہا کہ مسجد میں نمازیوں کو شہید کرنے والے دین اور وطن دونوں کے دشمن ہیں، حملے میں ملوث دہشت گرد .... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

درجنوں زخمیوں کی حالت نازک، ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ، خودکش حملہ آور کو گیٹ پر روکا گیا تو اس نے اپنے آپ کو دھماکے سے اڑا دیا، حملہ آور افغان شہری نہیں تھا تاہم اس کے افغانستان کے متعدد سفری ریکارڈ سامنے آچکے ہیں، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد امام بارگاہ میں خودکش دھماکہ، 32 نمازی شہید، سینکڑوں زخمی

حملہ آور نے افغانستان میں تربیت حاصل کی، تعلق بی ایل اے سے تھا، طلال چوہدری

دھماکا مضافاتی علاقے ترلائی کی امام بارگاہ خدیجۃ الکبریٰ میں نماز جمعہ کے دوران ہوا جس سے ملحقہ گھروں کے شیشے ٹوٹ گئے، پولی کلینک، پمز اور سی ڈی اے ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ، عملے کی چھٹیاں منسوخ

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے دھماکے میں 32 افراد کے شہید ہونے اور 169 سے زائد کے زخمی ہونے کی تصدیق کردی، زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا تو ہسپتالوں میں زخمیوں کو رکھنے کی گنجائش ختم ہوگئی

بھارت نے پہلے کے مقابلے میں تین گنا زیادہ سرمایہ کاری دہشتگردی پر کی ہے، بی ایل اے، ٹی ٹی پی کو ڈالرز میں تنخواہیں دی جاتی ہیں یہ لوگ اللہ کے نام پر نہیں پیسے کے لیے قتل و غارت کرتے ہیں، طلال چوہدری

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف جرم ہے، قوم مشکل کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے دھماکے کے ذمہ داران کا تعین کرکے انہیں قرار واقعی سزا دلوائی جائے، صدر، وزیراعظم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں واقع امام بارگاہ کے گیٹ پر خودکش دھماکے کے نتیجے 32 افراد شہید 162 سے زائد زخمی ہوگئے، زخمیوں میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا .... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو یادداشت جمع کرارہے ہیں

متعدد پارلیمنٹیرینز سے اضافی سیکورٹی واپس لے لی گئی

بلوچستان پولیس کا اعلامیہ، گن مینوں کو واپسی رپورٹ جمع کرنے کی ہدایت

صادق سنجرانی سے 2، ضیاء لانگو سے 1 اور جنگیز مری سے 3، 4 اہلکار واپس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + این این آئی) بلوچستان پولیس نے سابق وزیر اعلیٰ، وزراء، ارکان اسمبلی سے اضافی گن مین واپس لے لیے۔ بلوچستان پولیس کے اعلامیے کے مطابق صوبے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے پولیس کی نفری کو پورا کرنے کے لیے پارلیمنٹیرینز سے اضافی سیکورٹی واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق .... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد دھماکے میں آئی جی اسلام آباد کے کزن بھی شہید ہوگئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دھماکے میں آئی جی اسلام آباد کے کزن بھی شہید ہوگئے۔ انسپکٹر جنرل (آئی جی) اسلام آباد کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو میں علامہ بشارت حسین امامی نے بتایا کہ شہداء میں آئی جی اسلام آباد کے کزن بھی شامل ہیں۔ خیال رہے کہ اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں نماز جمعہ کے دوران خودکش دھماکا ہوا، جس میں 31 افراد شہید اور متعدد زخمی .... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الہندوستان اور بلوچ یکجہتی کمیٹی کا گٹھ جوڑ بے نقاب

مستونگ آپریشن میں ہلاک 2 دہشتگرد لاپتہ افراد میں شامل تھے

نوجوانوں کو جال میں پھنسا کر دہشتگردوں کے سپرد کیا جارہا ہے

اسلام آباد (م ڈ) بلوچستان میں نام نہاد لاپتہ افراد کی آڑ میں دہشتگردی، بلوچ یکجہتی کمیٹی اور فتنہ الہندوستان کے گٹھ جوڑ کو بے نقاب کرتی ہے تفصیلات کے مطابق 31 جنوری کو بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے بزدلانہ حملوں کو سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائیوں سے ناکام بنا دیا گیا، مستونگ میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کی نام نہاد لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد ریحان بلوچ اور حفیظ بلوچ بھی جہنم واصل ہوئے۔ بی ٹی وی .... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

غیرملکی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور تحفظ فراہم کرینگے، وزیراعلیٰ

بلوچستان میں غیرملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں نمایاں اضافہ حکومت کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے

سرمایہ کاری سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا، معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کو بھی فروغ ملے گا، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں غیرملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے جو حکومت کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں .... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی سپریم کورٹ میں یادداشت جمع

عمران خان کی میڈیکل رپورٹ اور ملاقاتوں کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے اراکین پارلیمنٹ نے سپریم کورٹ کے باہر احتجاج کے بعد رجسٹرار سپریم کورٹ کو باضابطہ یادداشت پیش کر دی، جس میں .... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفرخان مندوخیل سے سپیکر عبدالخالق اچکزئی کی قیادت میں ن لیگ کے پارلیمنٹیرینز پر مشتمل وفد ملاقات کررہا ہے

کوئٹہ میں آج ٹرین سروس بحال کردی جائیگی، ریلوے حکام

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں آج ٹرین سروس دوبارہ بحال کی جائیگی۔ محکمہ ریلویز کے مطابق آج ہفتہ کو اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، چمن جانے کیلئے چمن پسنجر صبح 8 بجے جبکہ .... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے بینکوں کو کرنسی تبادلے کے معاملے میں آزاد کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایمپورٹ ایکسپورٹ کیلئے کرنسی ایکسچینج میں رکاوٹیں ختم ہوگئیں، حکومت نے بینکوں کو کرنسی تبادلے کے معاملے میں آزاد کر دیا۔ وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ سرمایہ کاروں .... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی سفارت خانے کی اسلام آباد میں دھماکے کی مذمت

شہریوں، عبادت گاہوں کیخلاف دہشت گردی اور انہیں نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے، بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی سفارت خانے نے اسلام آباد میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی عوام حفاظت اور .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم اپوزیشن لیڈر سے آئندہ ہفتہ ملاقات کریں گے، طارق فضل

ملاقات میں اپوزیشن کے تحفظات پر بات و دیگر معاملات پر مشترکہ لائحہ عمل بنایا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کا فیصلہ کرلیا، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پی ٹی آئی کو باضابطہ .... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ازبک صدر کا پاکستانی تاجروں کو 10 سال کیلئے ٹیکس استثنیٰ دینے کا اعلان

3 ارب 40 کروڑ ڈالر کے سمجھوتوں پر عملدرآمد اہم پیشرفت ہے، باہمی تجارتی سرگرمیوں میں خاطر خواہ اضافہ ہوا، شہباز شریف

ادویات کی تیاری میں تعاون فراہم کرینگے، ٹیکسٹائل میں پاکستانی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کی جائیں گی، شوکت مرزائیوف

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ازبکستان کے ساتھ سائنس، ٹیکنالوجی، توانائی، زراعت، ٹیکسٹائل کے شعبوں میں تعاون کے فروغ پر اتفاق ہوا ہے۔ دوسری جانب پاکستان .... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے کسانوں کو 3 ارب روپے کے بلاسود قرضے دیئے جائینگے

ایس آئی ایف سی کا اقدام بلوچستان میں زرعی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار

کوئٹہ (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تحت گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو کے ذریعے زرعی سہولت کاری اور پائیدار ترقی کے اقدامات جاری ہے۔ رپورٹ .... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد دھماکا، امام بارگاہ میں نماز مغرب کی باجماعت ادائیگی

وزراء اور عوام کی بڑی تعداد شریک، متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزراء برائے داخلہ اور آئی جی اسلام آباد نے مسجد میں نماز مغرب باجماعت ادا کی اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا .... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد دھماکہ، اداروں کی ناکامی، ملک کا کوئی حصہ دہشتگردوں سے محفوظ نہیں، مولانا فضل الرحمن

ادارے کب عوام کی مایوسی کا ازالہ کریں گے، زخموں کا مرہم بنیں گے، اور آنے والی نسلوں کے تحفظ کا نظام قائم کریں گے

درجنوں انٹیلیجنس ایجنسیوں کے ہوتے ہوئے بھی اسلام آباد میں جمعہ کے دن خون بہایا گیا، سربراہ جمعیت علمائے اسلام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اسلام آباد میں امام بارگاہ پر ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اسے افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حملہ آور انسانیت کے دشمن ہیں اور کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی، بلوچستان .... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

ایران: بیلسٹک میزائل خرمشہر فور کا کامیاب تجربہ

میزائل کی پہلی بار زیرزمین تنصیب کا اعلان، رینج 2 ہزار کلومیٹر

پروگرام دفاعی نوعیت کا ہے، سفارتکاری سے نہیں ہٹ رہے، حکام

تہران (م ڈ) ایران نے اپنے جدید ترین طویل فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک میزائل خرمشہر فور کا کامیاب تجربہ اور اسے پہلی بار زیر زمین تنصیب کا اعلان کیا ہے۔ ایرانی سرکاری اور ریاستی سے منسلک میڈیا کے مطابق یہ تجربہ پاسداران انقلاب کے فضائی وخلائی شعبے کی جانب سے کیا گیا۔ سرکاری اطلاعات کے مطابق خرمشہر فور میزائل کی .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی میں کرفیو نافذ کردیا گیا، مساجد میں اعلانات

شہریوں کو شام 5 تا صبح 9 بجے تک گھروں سے نہ نکلنے کی ہدایت

نوشکی (آن لائن) نوشکی انتظامیہ نے شام 5 بجے سے صبح 9 بجے تک شہر میں کرفیو نافذ کرنے کا اعلان کردیا نوشکی شہر اور گردونواح کے مختلف مساجد میں .... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

پہیہ جام ہڑتال پرامن کیسے ہوسکتی ہے؟، رانا ثناء اللہ

آپ لوگوں نے قانون کی خلاف ورزی کی تو پابندی لگی، پٹیشن دائر کریں، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پہیہ جام ہڑتال پرامن کیسے ہوسکتی ہے؟ اس جماعت کا کیا پرامن احتجاج کا ریکارڈ ہے؟ سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سیاست کو دشمنی میں کس نے بدلا ہے؟ آپ لوگوں .... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

خطے میں معاشی ترقی و سیاسی استحکام کو آگے بڑھائینگے، گورنر

انٹرنیشنل سیاست میں پل پل بدلتے حالات اور ابھرتے ہوئے چیلنجز کے ساتھ پورے خطے کا منظرنامہ پیچیدہ بنتا جارہا ہے

ہمسایہ ممالک کیساتھ خوشگوار اقتصادی تعلقات کے خواہاں ہیں، قومی اہداف کیلئے جامع اسٹرٹیجی ناگزیر ہوگی، شیخ جعفر مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ انٹرنیشنل سیاست میں پل پل بدلتے حالات اور ابھرتے ہوئے چیلنجز کے ساتھ پورے خطے کا منظرنامہ پیچیدہ بنتا جارہا ہے جن میں اپنے قومی اہداف اور مفادات کے حصول کیلئے جامع اسٹرٹیجی وضع کرنے .... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

موسیٰ خیل: راڑہ شم سے تین افراد کی لاشیں برآمد

لیویز حکام نے اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر ہسپتال منتقل کردیں

کوئٹہ (آن لائن) موسیٰ خیل کے علاقے سے 3 افراد کی مسخ شدہ لاشیں برآمد ہوئیں جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز موسیٰ خیل کے .... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری املاک کی لوٹ مار، آپریشن میں 180 افراد گرفتار

سامان کی واپسی کیلئے 48 گھنٹوں کی مہلت بھی دی تھی، تمام افراد کو سی ٹی وی کیمروں اور ویڈیو فوٹیج کی مدد سے گرفتار کیا

لوگوں نے لوٹا ہوا سامان مختلف سڑکوں، گلی محلوں اور خالی پلاٹوں میں چھوڑنا شروع کردیا، برآمدگی کیلئے کومبنگ آپریشن

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے 31 جنوری کو سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچانے، لوٹ مار کرنے کے الزام میں 5 روز کے دوران کومبنگ اور سرچ آپریشن کے دوران 180 سے زائد افراد کو گرفتار کرلیا پولیس ذرائع کے مطابق 31 جنوری کو کوئٹہ اور بلوچستان ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

اخباری صنعت شدید مالی بحران کا شکار ہوچکی، اے پی این ایس

اشتہارات کی ادائیگی کو ایڈیٹوریل پالیسی پر اثرانداز نہیں ہونا چاہیے، قرارداد

کراچی (م ڈ) اے پی این ایس کی ایگزیکٹو کمیٹی نے 3 فروری 2026 کو کراچی میں منعقد ہونے والے اپنے اجلاس میں ایک خصوصی قرارداد منظور کی، جس میں .... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر داخلہ علی مدد جتک شہید ہونیوالے پرائیویٹ سیکورٹی اہلکار محمد نعیم کے لواحقین سے تعزیت کررہے ہیں

دہشتگردی کے ناسور کو جلد ہمیشہ کیلئے ختم کردیا جائیگا، علی مدد جتک

ہماری بہادر افواج اور ادارے دہشتگردی میں ملوث عناصر کو جلد منطقی انجام تک پہنچائینگے، قیام امن ہر صورت یقینی بنایا جائیگا

اسلام آباد واقعہ میں معصوم جانوں کا ضیاع قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے، بیان، متاثرہ خاندانوں سے اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے اسلام آباد میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے اس افسوسناک واقعے میں معصوم انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی ملک و قوم کے خلاف ایک سنگین سازش ہے، مگر قوم کے .... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

عمان: جوہری مذاکرات کے 2 دور مکمل، آئندہ تاریخ مشاورت کے بعد طے کرینگے، عباس عراقچی

مذاکرات میں ایران کی قیادت وزیر خارجہ، امریکی وفد کی قیادت ٹرمپ کے خصوصی ایلچی برائے مشرق وسطیٰ نے کی

امریکا کی اپنے شہریوں کو ایران چھوڑنے کی ہدایت، مذاکرات کی کامیابی کیلئے دباؤ سے اجتناب ضروری ہے، ایران

مسقط (م ڈ) عمان کی میزبانی میں ہونے والے جوہری مذاکرات میں ایران کی قیادت وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کی جب کہ امریکی وفد کی قیادت ٹرمپ کے .... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

نمازیوں کو نشانہ بنانا انسانیت سوز اقدام ہے، گورنر اور وزیراعلیٰ

امام بارگاہ میں دہشتگردی امن، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی پر حملہ ہے

صوبائی حکومت و عوام لواحقین کیساتھ ہیں، جعفر مندوخیل، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے الگ الگ بیان میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی امام بارگاہ کے قریب ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کی ہر شکل قابل مذمت ہے ہم قومی اتحاد و اتفاق سے ہی دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا سکتے ہیں۔ .... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ پاکستان نیدرلینڈ کیخلاف آج اپنا پہلا میچ کھیلے گا

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان ٹیم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 مہم کا آغاز (آج) ہفتہ سے کرے گی، ٹیم پہلا میچ ہفتے کو نیدرلینڈز کے خلاف کولمبو میں کھیلے گی، پاک نیدرلینڈز میچ سنہالی سپورٹس کلب میں پاکستانی وقت .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی کی دائیں آنکھ متاثر، میڈیکل رپورٹ اہل خانہ کو موصول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پمز ہسپتال اسلام آباد نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی اور سابق وزیراعظم عمران خان کی آنکھ کے معائنے کی تازہ میڈیکل رپورٹ جاری کردی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ .... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، بسنت کے موقع پر آسمان میں سینکڑوں پتنگیں اڑتی ہوئی نظر آرہی ہیں

سعودی عرب: اونٹوں کیلئے 'پاسپورٹ' کے اجرا کا اعلان

اونٹ کا نام نسل جنس، رنگ اور جائے پیدائش بھی درج ہوگی

کیمیکل پاسپورٹ عالمی سطح پر شناخت کا کردار ادا کریگا، حکام

ریاض (بیورو رپورٹ) سعودی عرب نے عالمی سطح پر اونٹوں کے لیے 'پاسپورٹ' کے اجرا کا اعلان کردیا۔ سعودی حکام کے مطابق پروجیکٹ کا افتتاح سعودی .... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

مسجد میں شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت پر حملہ ہے، بلاول

کوئی مذہب یا نظریہ معصوم انسانوں کے قتل کی اجازت نہیں دیتا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے اسلام آباد کی امام بارگاہ میں دھماکے کے .... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں نے سرکاری افسر کو اہلخانہ سمیت قتل کیا، حمزہ شفقات

قتل سے قبل مقتول نے بیٹے کو بریف کیس میں بند کرکے خاموش رہنے کا کہا

بچہ دو روز بعد زندہ نکالا گیا، امام مسجد کو بھی اہلخانہ سمیت بے دردی سے قتل کیا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) نوشکی میں دہشت گردوں نے سرکاری افسر کو اہلخانہ سمیت ان کے گھر میں قتل کردیا۔ تفصیل ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے سوشل میڈیا پر فراہم کی۔ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ کے مطابق، حملے سے قبل سرکاری افسر نے اپنے چار سالہ بچے کو محفوظ رکھنے کے لیے ایک بریف کیس میں بند کیا اور والد نے بچے کو سختی سے خاموش رہنے کی ہدایت دی۔ حملے کے دوران افسر نے سرینڈر کرنے کی بجائے مزاحمت کا فیصلہ کیا، کیونکہ سرینڈر کا .... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس افسران و جوانوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، آئی جی

بلوچستان پولیس کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے، فورس نے ہمیشہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر کردار ادا کیا

جوانوں اور شہداء کے خاندان کی فلاح و بہبود اور کفالت ہماری اولین ترجیح ہے، محمد طاہر، شہداء کے اہلخانہ سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے پولیس نے ہمیشہ کی طرح حالیہ دہشت گردی کے واقعہ میں دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہمراہ عوام کی جان و مال کے تحفظ .... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

عمران بشریٰ کی عبوری ضمانتوں میں 17 فروری تک توسیع

بانی پی ٹی آئی کی عدم دستیابی کے باعث ضمانت کی درخواستوں پر دلائل نہیں ہوسکے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں 17 فروری تک توسیع کردی۔ ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل مجوکا نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف 9 مئی اور دیگر .... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بھاری فنڈز کی فراہمی کے باوجود شہر میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں!

چیف سیکرٹری شہر کا دورہ کرکے ابلتے گٹروں ، نالیوں اور کچرے کے ڈھیروں کا جائزہ لیں

صفائی نصف ایمان ہے مگر بدقسمتی سے صفائی کو خدمت فرض سمجھنے کے بجائے پروجیکٹ بنادیا گیا ہے

کاسی روڈ، فاطمہ جناح روڈ کے کمیٹیوں زیبر احمد اچکزئی، گل زمان اچکزئی، یاسر خان کے مشترکہ سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (رپورٹ پرز) کوئٹہ شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال، جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر نے عوام کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا، کروڑوں روپے بجٹ مختص ہونے کے باوجود شہری صفائی نہ ہونے پر شہریوں نے سوالات اٹھا دیئے ، ڈپٹی اٹھی بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان شہر میں ابلے ہوئے گٹروں، نالیوں اور جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر کا دورہ کرکے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیں، شہری صفائی کے ذمہ دار محکمہ کے افسران کو بلا کر جواب طلبی کریں، شہر کی صفائی کا ذمہ دار کون ہے؟ ہر ماہ کروڑوں روپے کہاں خرچ ہو رہے ہیں؟ ان سوالات کا جواب دیا جائے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بلوچستان کو 7 دہائیوں سے مسلسل نظر انداز کیا گیا، عبدالمجید بادینی

موجودہ حکومت میں صوبے میں جو کام ہو رہے ہیں وہ ماضی میں کبھی نہیں ہوئے، صحبت پور و دیگر میں زمینیں بنجر ہو چکی ہیں

نصیر آباد میں بلوچستان کا سب سے بڑا پی ایس ڈی پی منصوبہ جاری ہے، لاکھوں ایکڑ اراضی سیراب ہوگی، پارلیمانی سیکرٹری

لورالائی: اشتہاری سمیت تین گرفتار ملزمان سے متعلق پولیس میڈیا کو آگاہ کر رہی ہے

8 فروری کو انتخابی دھاندلی کے خلاف تاریخی احتجاج ہوگا، سید صادق آغا

پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی احتجاج ہوگا، کوئی رکاوٹ قبول نہیں کریں گے

گوادر میں بنیادی طبی سہولیات کی بہتری اور نگرانی کیلئے کوشاں ہیں، ڈاکٹر مرشد

ڈی ایم پی پی ایچ آئی نے بی ایچ یو چانلیت اور کیڑ کا مانیٹرنگ و سہولت کاری دورہ کیا

... مرشد دشتی نے بنیادی صحت مراکز بی ایچ یو چانلیت اور بی ایچ یو کیڑ کا مانیٹرنگ و سہولت کاری دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ماں و بچے کی صحت (MCH) سینٹر اور ای پی آئی سائٹس کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ویکسینیشن کے عمل اور ریکارڈ کی درستگی پر ... معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے دونوں مراکز کو ضروری ادویات بھی فراہم کیں تاکہ مریضوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ڈسٹرکٹ سپروائزر پی پی ایچ آئی نے کہا کہ ضلع گوادر کے دور دراز علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی بہتری اور نگرانی اولین ترجیح ہے

سردار یار محمد رند کا اظہار تعزیت

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر سیاست پارلیمنٹرین چیف آف رند سردار یار محمد رند نے ممبر اسلامی نظریاتی کونسل جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ جماعت الصالحین انٹرنیشنل کے بانی و امیر صاحبزادہ الحاج پیر خالد سلطان قادری جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل کے مرکزی چیئرمین الحاج صاحبزادہ پیر محمد سکندر سلطان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ مرحومہ کے انتقال کی خبر سن کر انہیں دلی صدمہ پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدہ جیسی عظیم ہستی کا سایہ سر سے اٹھ جانا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے

اسلام آباد دہشتگردی کا واقعہ المناک سانحہ ہے، صادق خان اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے مرکزی چیئرمین صادق خان اچکزئی نے اسلام آباد میں امام بارگاہ جامع مسجد خدیجۃ الکبریٰ میں خود کش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑی تعداد میں بے گناہ انسانوں کا خون بے دردی سے بہایا گیا ہے مسجد میں نمازی کی حالت میں دہشتگردی بہت سے سوالیہ نشان چھوڑ گئی ہے سب سے بڑا سوال وفاقی حکومت اور اسلام آباد انتظامیہ سے ہے کہ آخر یہ سانحہ کیسے درپیش آیا۔ صادق خان اچکزئی نے وفاقی حکومت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد جیسے حساس ترین شہر میں اتنا بڑا اور افسوسناک سانحہ رونما ہو چکا ہے

امام بارگاہ حملہ فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا کرنے کا منصوبہ ہے، جمال رئیسانی

بلوچستان کے لوگ جانتے ہیں کہ ایسے واقعات وسیع منصوبے کا حصہ، ملکی داخلی ہم آہنگی چیلنج کرنے کیلئے متعدد محاذ کھولتے ہیں

اس وقت یکجہتی صرف علامتی نہیں بلکہ ضروری ہے، بلوچستان متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑا ہے، ایم این اے کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے سماجی رابطے کے ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسلام آباد میں امام بارگاہ پر حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہوں عبادت گاہ کو نشانہ بنانا صرف دہشت گردی نہیں بلکہ فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا کرنے، نفسیاتی خوف پھیلانے اور ملک کے سماجی اتحاد کو آزمانے کی منصوبہ بندی ہے۔ نوابزادہ جمال رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان اس قسم کے تشدد کے خمیازے سے واقف ہے اور ہمارے لوگ جانتے ہیں کہ ایسے واقعات اکثر الگ تھلگ نہیں بلکہ ایک وسیع منصوبے کا حصہ ہوتے ہیں جو ملک میں داخلی ہم آہنگی کو چیلنج کرنے کے لیے متعدد محاذ کھولتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت یکجہتی صرف علامتی نہیں بلکہ ضروری ہے، بلوچستان متاثرہ خاندانوں، اسلام آباد کے عوام اور ملک کے مشترکہ عزم کے ساتھ کھڑا ہے تاکہ فرقہ واریت اور خوف کو جگہ نہ ملے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاکستان کو محفوظ رکھے۔

اوستہ محمد: 22 سالہ نوجوان نے خودکشی کرلی

اوستہ محمد (آن لائن) صدر پولیس تھانہ اوستا محمد کے حدود گوٹھ منگل وزہ کے قریب 22 سالہ نوجوان محمد سلیم بلیدی نے خود پر فائر کر کے خودکشی کر لی واقع گھریلو نا چاقی بتائی جا رہی ہے پولیس نے نعش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا واقع گھریلو نا چاقی بتائی جاتی ہے مزید ایس ایچ او تفصیل جمع کر رہے ہیں۔

اسلام آباد: خودکش دھماکے کے بعد فورسز اہلکار امام بارگاہ کی چھت پر الرٹ کھڑے ہیں

گدانی: برسوں بعد پانی کی فراہمی بحال، شہریوں میں خوشی کی لہر

گدانی (یو این اے) گدانی میں گزشتہ کئی سالوں سے مسلسل سپلائی کی پانی کی بندش ختم گدانی میں پانی کی سپلائی جاری عوام میں خوشی کا سماں جس کا سہرا نئے تعینات ہونے والے ایس ڈی او منصور بلوچ اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے گزشتہ دنوں بھوآنی کے مقام پر سپلائی کے مین پائپ لائنوں کی ٹوٹ پھوٹ کی وجہ سے گدانی میں پانی کی سپلائی معطل ہو چکی تھی لیکن منصور نے بلا تاخیر لائن عامر خان کرد بلوچ کی نگرانی میں عملہ اور مشینری فوری طور پر پہنچا کر اتوار کی چھٹی میں بھی کام کو جاری رکھتے ہوئے پائپوں کی مرمت کو مکمل کیا اور سپلائی بحال کر دیا

پنجگور: بجلی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 30 گھنٹے تک پہنچ گیا، شہری پریشان

بجلی اور پانی کی بندش سے زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے، نوٹس لیا جائے، عوام کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں بجلی کی طویل بریک ڈاؤن بجلی کے لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 30 گھنٹوں تک پہنچ گیا ہے دوسری طرف پی ایس ای کی غفلت اور ناقص کارکردگی سے شہری پانی کی حصول میں سخت پریشان شہریوں کو عام ضروریات اور پانی کے حصول میں مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق پنجگور میں بجلی کا نظام درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری مختلف فیڈرز میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھا دیا گیا ہے سورو تبلیغی مرکز فیڈرز سمیت دیگر فیڈرز میں دو دن دو رات کے بعد ایک رات اور ایک دن بجلی معطل کر دیا جاتا ہے تاہم تیسرے دن بجلی فراہم کی جاتی ہے وہ بھی دن رات صرف چھ گھنٹے تک پنجگور سمیت مکران کو ہمسایہ ملک ایران سے بجلی فراہم کی جا رہی ہے مگر مکران میں سب سے زیادہ لوڈشیڈنگ پنجگور میں کی جا رہی ہے شہریوں نے واپڈا کے اعلیٰ حکام سمیت حکومتی نمائندوں سے اپیل کی ہے کہ ڈسٹرکٹ پنجگور میں بجلی کے نظام کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جائیں اور پنجگور کو ایران کی بجائے نیشنل گرڈ سے بجلی فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں واضح رہے پنجگور نیشنل گرڈ سے منسلک ہے مگر بجلی فراہم نہیں کیا

سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی پولیس ہائی الرٹ

ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز فیلڈ میں متحرک

راولپنڈی (زاہد احمد خان) موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی پولیس ہائی الرٹ، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز فیلڈ میں متحرک۔ تفصیلات کے مطابق موجودہ سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی پولیس ہائی الرٹ، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز فیلڈ میں متحرک ہیں، تمام افسران سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، شہر بھر میں امام بارگاہوں، مساجد اور دیگر مقامات پر سکیورٹی ڈیوٹیز کو چیک اور بریف کیا جا رہا ہے، پولیس افسران کی متولین اور انتظامیہ سے میٹنگز، سکیورٹی ایس او پیز اور اقدامات بارے آگاہ کیا، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور امن عامہ اولین ترجیح ہیں، فول پروف سکیورٹی ہمہ وقت یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات اٹھا رہی ہے۔

اسلام آباد دھماکہ ملکی سالمیت پر بزدلانہ حملہ ہے، زرک مندوخیل

بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا دہشتگردوں کی سفاک ذہنیت کو ظاہر کرتا ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

بلوچستان سمیت پورا پاکستان دہشتگردی کیخلاف یکجہتی کا مظاہرہ کر رہا ہے، دشمن عزائم میں کامیاب نہیں ہوگا، ایم پی اے

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے اسلام آباد میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت، امن اور ملکی سلامتی پر بزدلانہ حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کو ظاہر کرتا ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا اپنے مذمتی بیان میں شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک میں خوف و ہراس پھیلانا چاہتے ہیں، تاہم قوم ایسی سازشوں کے سامنے نہ پہلے جھکی ہے اور نہ آئندہ جھکے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد جیسے حساس شہر میں دھماکہ سیکیورٹی چیلنج ضرور ہے، مگر ریاستی ادارے ان عناصر سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور قوم ان قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان سمیت پورا پاکستان دہشت گردی کے خلاف یکجہتی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ رکن اسمبلی نے واقعے میں شہید اور زخمی ہونے والوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اس دکھ کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔

نمازیوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی ہے، لیاقت خان

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) سابقہ ایم این اے میر احمدان خان رانجھہ بگٹی کے صاحبزادے سیاسی و سماجی کارکن میر لیاقت خان رانجھہ بگٹی نے اسلام آباد میں امام بارگاہ کے اندر ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ میر لیاقت خان رانجھہ بگٹی نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج و غم اور گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی اور کھلی انسانیت کے خلاف جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم شہدا کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ میر لیاقت خان رانجھہ بگٹی نے مزید کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ نہیں کر سکتے، پوری قوم متحد ہے، ان شاء اللہ دشمن کے ہر ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا۔

پشتون قوم کی حیثیت کو قبول نہ کرنا عوام دشمنی کے مترادف ہے، احمد خان

پشتون قوم کے ساتھ ہر دور میں دھوکہ ہوا اور عوام کی امیدیں بار بار ٹوٹی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پشتون اور بلوچ عوام کی موجودہ حالت زار کے ذمہ دار وہی نام نہاد سیاسی رہنما ہیں جو قوم اور مذہب کے نام پر عوام کے جذبات سے کھیل کر اپنی سیاسی ساکھ بچانے کے درپے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سلگتے صوبے میں ہر غلط بیانی اور تعصب آگ پر تیل چھڑکنے کے مترادف ہے۔ احمد خان نے کہا کہ گزشتہ ادوار میں چند موروثی اور خاندانی سیاسی خاندان اقتدار کے فوائد حاصل کرنے کے لیے پشتون و بلوچ ملی و قومی تشخص اور حقوق سے روگردانی کرتے رہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جب قوم پرستوں کو اپنی سیاسی ساکھ خطرے میں محسوس ہوتی ہے تو وہ پشتون و بلوچ عوام کو اپنے مقاصد کے لیے دست و گریبان کرنے کا حربہ استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نہ پشتون قوم پرست پشتونستان قائم کرنے میں کامیاب ہو سکے اور نہ ہی بعض بلوچ موروثی سیاسی خاندان بلوچستان کو سنوارنے میں کامیاب ہوئے۔ احمد خان نے پشتون دشمن قوتوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ پشتونوں اور افغانوں کی موجودہ حیثیت کو قبول نہ کرنا عوام دشمنی کے مترادف ہے۔ سربراہ افغان قومی موومنٹ نے واضح کیا کہ بعض پارلیمانی عہدے مفاد پرست عناصر کے ہاتھ میں ایسے آتے ہیں جہاں برابری کے دعوے بھول جاتے ہیں اور مظلوم عوام اس کے فوائد سے مکمل محروم رہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پشتون قوم کے ساتھ مذہب اور قوم پرستی کی بنیاد پر ہر دور میں دھوکہ ہوا ہے اور عوام کی امیدیں بار بار ٹوٹی ہیں

عوام پاکستان پارٹی عوام کے لیے امید کی نئی کرن ہے، ڈاکٹر ظفر مرزا

ملک کی ترقی صاف اور شفاف سیاست سے مشروط ہے، مرکزی ترجمان اے پی پی

اے پی پی بلوچستان میں تیزی سے مقبول ہو رہی ہے، صوبائی کنوینر سید امان شاہ

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی کے مرکزی ترجمان اور سابق وفاقی وزیر صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی ملک کے عوام کے لیے امید کی ایک مضبوط اور روشن کرن بن کر ابھر رہی ہے۔ پاکستان کو درپیش موجودہ سیاسی، معاشی اور سماجی چیلنجز سے نکالنے کے لیے اچھی، صاف اور شفاف سیاست وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوام پاکستان پارٹی اصولوں، دیانتداری اور عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور یہی سوچ پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کراچی میں پارٹی امور اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال سے متعلق منعقدہ ایک اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر ظفر مرزا کا کہنا تھا کہ عوام پاکستان پارٹی ذاتی مفادات کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دیتی ہے اور عوامی مسائل کے عملی حل کے لیے سنجیدہ جدوجہد کر رہی ہے۔ اس موقع پر عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے کہا کہ بلوچستان میں عوام پاکستان پارٹی کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ عوام روایتی سیاست سے مایوس ہو چکے ہیں اور ایک ایسی سیاسی جماعت کی تلاش میں ہیں جو حقیقی معنوں میں ان کے مسائل کو سمجھے اور حل کرے۔ عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے عوام کی امنگوں کی ترجمان ہے اور صوبے کے مسائل کو ہر فورم پر بھرپور انداز میں اجاگر کرے گی۔ سید امان شاہ نے کہا کہ پارٹی بلوچستان میں تنظیم سازی کے عمل کو تیز کر رہی ہے اور جلد ہی عوامی رابطہ مہم کے ذریعے لوگوں تک پارٹی کا پیغام پہنچایا جائے گا۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، آئندہ لائحہ عمل اور تنظیمی معاملات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں ڈاکٹر ظفر مرزا، سید امان شاہ سمیت پارٹی کے دیگر مرکزی و صوبائی رہنماؤں نے شرکت کی اور اس عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد: طلال چوہدری خودکش دھماکے کی جگہ کا دورہ کر رہے ہیں

بدعنوانی کیخلاف پاک ازبک مشترکہ کاوشیں بڑھانے کا معاہدہ

ازبکستان کی اینٹی کرپشن ایجنسی اور نیب حکام کی جانب سے مشترکہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ایم او یو پر دستخط

معاہدے میں بدعنوانی کیخلاف ادارہ جاتی ہم آہنگی، تعاون اور استعداد کار میں اضافے کا جامع لائحہ عمل فراہم کیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور ازبکستان کے درمیان بدعنوانی کیخلاف مشترکہ کوششوں کو بڑھانے کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط۔ ازبکستان کی اینٹی کرپشن ایجنسی (ACAU) اور پاکستان کے نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو (NAB) نے بدعنوانی کے خلاف مشترکہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ یہ دستخط دفتر اعلیٰ اسلام آباد میں ایک تقریب کے دوران ہوئے، جس سے دونوں ممالک کے اقوام متحدہ کے انسداد بدعنوانی کنونشن (UNCAC) سے وابستگی اور مشترکہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ یہ مفاہمت کی یادداشت NAB کے ڈپٹی چیئرمین سہیل ناصر اور صدر ازبکستان کے مشیر برائے خارجہ پالیسی، عبدالعزیز کامیلوو کے نمائندے نے سینئر افسران کی موجودگی میں دستخط کئے اس معاہدے میں دونوں ایجنسیوں کے درمیان ادارہ جاتی ہم آہنگی، تعاون اور استعداد کار میں اضافے کیلئے ایک جامع لائحہ عمل فراہم کیا گیا ہے تاکہ بدعنوانی کے تدارک میں مدد مل سکے۔ اس تعاون کے اہم پہلوؤں میں دونوں ممالک میں بدعنوانی کے طریقہ کار اور جدید رجحانات کے حوالے سے معلومات کا تبادلہ شامل ہے۔ اس میں فنی و تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ماہرین اور افرادی قوت کا تبادلہ بھی کیا جائے گا۔ فارنزک، اثاثوں کی تفتیش، فارنزک انجینئرنگ اور منی لانڈرنگ کے شعبے میں معاون ہیں۔ اس تعاون میں صلاحیتوں کی تعمیر اور عوامی آگاہی کے پروگرام بھی شامل ہیں۔ دونوں ممالک کی اینٹی کرپشن ایجنسیوں کے سربراہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ یہ مفاہمت کی یادداشت دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم کرے گی اور احتساب کے عمل کی افادیت کو بڑھائے گی۔ ڈپٹی چیئرمین NAB نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی اقتصادی ترقی اور اعتماد عامہ کے حصول کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مالی جرائم اور غیر قانونی اثاثوں کی سرحد پار نوعیت کے پیش نظر بین الاقوامی سطح پر جامع معاونت ضروری ہے۔ مفاہمت کی اس یادداشت پر دستخط پاکستان اور ازبکستان کے تعلقات میں ایک اہم قدم ثابت ہوں گے اور دونوں ممالک کے اس عزم کی عکاسی ہے

صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا عملہ مسافر کوچوں کے فٹنس سرٹیفکیٹس چیک کر رہا ہے

بغاوت کے جراثیم ناانصافی سے جنم لیتے ہیں، میر طاہر بزنجو

بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود محروم ترین صوبہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ جس معاشرے میں معاشی انصاف نہ ہو وہاں بے انصافی اور لوٹ مار اپنے عروج پر ہوتی ہے اسی سے ہی بغاوت کے جراثیم جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود معاشی طور پر سب سے زیادہ محروم صوبہ ہے۔ دوسرے صوبوں کے مقابلے میں شرح غربت، بے روزگاری، اور ناخواندگی سب سے زیادہ ہے۔ پسماندگی کے اعتبار سے ملک کے 20 پسماندہ ترین اضلاع میں سے 11 کا تعلق بلوچستان سے ہے۔ بلوچستان کے وسائل سے ہونے والی آمدنی کا اگر ایک چھوٹا سا حصہ بھی ترقی پر خرچ کیا جاتا تو آج یہ صوبہ ملک کا خوشحال ترین صوبہ ہوتا میر طاہر بزنجو نے کہا کہ بلوچستان میں گذشتہ 78 سال کے دوران یکے بعد دیگرے بغاوتوں کو جنم دینے میں سیاسی و معاشی بے انصافیاں اہم ترین کردار ادا کرتی رہی ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ بلوچوں کے سیاسی، معاشی، اور معاشرتی حقوق کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ کو انصاف دے کر ان کے حقوق کا احترام کرنے سے ہی بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کی راہ ہموار ہو سکتی ہے

کراچی: سینیٹر مشاہد حسین سید اور محمد اسلم بھوتانی مصافحہ کر رہے ہیں

پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد چیئرمین ایچ ای سی تعینات، چارج سنبھال لیا

اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور ادارہ سازی کے شعبے میں 35 سال سے زائد اور چھ معتبر اداروں کی قیادت کا مجموعی طور پر 16 سالہ تجربہ ہے

تین مدتوں کیلئے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے وائس چیئرمین کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں، ستارہ امتیاز سے نوازا گیا



اسلام آباد (شاکر رحمان) معروف سکالر اور ممتاز تعلیمی رہنما پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر (ستارہ امتیاز) نے جمعہ کے روز ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے چیئرمین کا عہدہ سنبھال لیا۔ اسلام آباد میں ایچ ای سی سیکرٹریٹ آمد پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایچ ای سی پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الحق اور دیگر سینئر افسران نے ان کا کیا۔ اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور ادارہ سازی کے شعبے میں 35 سال سے زائد کا تجربہ رکھنے والے ڈاکٹر نیاز ملک کے سینئر ترین وائس چانسلر ہیں جن کے پاس چھ معتبر اداروں کی قیادت کا مجموعی طور پر 16 سالہ تجربہ ہے۔ ان اداروں میں قائد اعظم یونیورسٹی، پنجاب یونیورسٹی، یو ای ٹی ٹیکسلا، نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد، یونیورسٹی آف ساہیوال اور انفارمیشن ٹیکنالوجی یونیورسٹی لاہور شامل ہیں۔ اس کے علاوہ وہ تین مدتوں کیلئے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے وائس چیئرمین کے طور پر بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ ڈاکٹر نیاز نے برطانیہ کی یونیورسٹی آف لیڈز سے کیمیکل انجینئرنگ میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔ انہوں نے متعدد تحقیقی مقالے شائع کیے، چار کتابیں تحریر و مدون کیں اور کیمیکل انجینئرنگ، ٹوٹل کوالٹی مینجمنٹ میں 12 پی ایچ ڈی طلبہ کی نگرانی کی۔

فوڈ سیفٹی قوانین کی سنگین خلاف ورزیاں، کوئٹہ میں 2 فوڈ یونٹس سیل

بی ایف اے ٹیموں نے ایئرپورٹ، سمنگلی روڈ، پشتون آباد، کاسی روڈ اور دیگر میں 70 سے زائد یونٹس کی جانچ پڑتال کی

ڈسٹری بیوشن یونٹ سے تاریخ تیاری اور میعاد ختم ہونے کی تاریخوں کی پرنٹنگ مشین اور پیکیج سیلنگ مشین ضبط کر لی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن اور صوبائی وزیر خوراک کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں مضر صحت اور غیر معیاری خوراک کے خاتمے کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے بڑے پیمانے پر انسپکشن کا سلسلہ جاری رکھا۔ ایئرپورٹ، سمنگلی روڈ، پشتون آباد، کاسی روڈ، علمدار روڈ، سریاب روڈ، جوائنٹ روڈ، تواں کلی اور سرکلر روڈ پر مجموعی طور پر 70 سے زائد فوڈ یونٹس کی جانچ پڑتال کی گئی۔ [illegible] والے یونٹس میں ایک معروف کمپنی کا ڈسٹری بیوشن یونٹ اور ایک جیلی تیار کرنے کا یونٹ شامل ہے۔ ڈسٹری بیوشن یونٹ سے تاریخ تیاری اور میعاد ختم ہونے کی تاریخوں کی پرنٹنگ مشین اور پیکیج سیلنگ مشین ضبط کر لی گئی۔ معائنے کے دوران مشکوک اور قابل مناؤ تاریخوں کے ساتھ بیکری مصنوعات کی پیکنگ، ناقص اسٹوریج، صفائی و سینیٹیشن کی ابتر صورتحال، پیسٹ کنٹرول اور ویسٹ مینجمنٹ کے نظام کی عدم موجودگی پائی گئی۔ دوسری جانب جیلی یونٹ میں انتہائی غیر صحت بخش ماحول، خوراک کی ناقص ہینڈلنگ، [illegible] کے دوران 4 یونٹس کو جرمانے اور 6 کو بہتری نوٹس جاری کیے گئے۔ مختلف کباب شاپس اور جنرل اسٹورز سے زائد المیعاد، ممنوعہ اشیاء [illegible] اور چائنیز نمک بھی برآمد کیا گیا۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے صوبہ بھر میں انسپکشن کا عمل بلا تعطل جاری رہے گا اور خلاف ورزی کے مرتکب عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

TENDER NOTICE

The Executive Engineer (Roads) CW, PP&H Department District Ziarat invites bids from Eligible Bidders for Execution of following works for the year 2025 based on Composite Schedule Rates (CSR) 2023 on Percentage Rates. **Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, it is mandatory for All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** The tender fee 1500/- will be deposited through green challan in National Bank of Pakistan Ziarat Branch under the head of account **C-02716 (Communication Receipt) EARNEST MONEY 2% RELEVANT CATEGORY** C-6 and Above

S.No.	NAME OF WORK.	E/COST
1	REPAIR OF BRIDGE CHEELAIZ KHALIL MC SANJAVI DISTRICT ZIARAT TSE-252602967583	5.00M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of bidders:** - Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turnover of at must be 70% Amount in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. Bidder Must Provide Credit Line Certificate from A Scheduled Bank estimating 100% of Contract Price. Bidder Must Provide Fresh Rs100/- Affidavit of Blacklisting (In favor of XEN (Road) CWPP&H District Ziarat also mention TSE No & Work name. Bidder Must Sign and Stamped All Submitted Documents. Under taking on Rs 100 judicial stamp paper that the firm has never been involved in litigation with any Government / Semi Government Organization (In Favor of XEN (ROADS) CWPP&H District Ziarat also mention Work Name & TSE No. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 %specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1500 PKR. **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 23 February, 2026 during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **23 February, 2026 till 12:00 PM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **1:00 PM. Executive Engineer (Road)**C W, P P & H Department**District Ziarat**Address: Office of the Deputy Commissioner, District Ziarat Phone no:0833920040**

Executive Engineer (Road)
C W, P P & H Department
District Ziarat

PRQ No.3665/06-02-2026 www.dpr.gob.pk dpr_gob dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The **Chief Officer Municipal Committee Mastung** is pleased to invites sealed percentage based bids as per the rates by B-CSR 2023 (amended up-to-date) from interested firms/ suppliers/ contractors having valid registration with PEC, Income Tax and BRA for the following G.I.A fund 2024-25 where the time limit for mentioned projects is 30th of June, 2026 which is subjected to availability of funds. The Bid security in the form of **Call Deposit 02% for each work**

S.#	DESCRIPTION	TENDER AMOUNT
01	CONSTRUCTION OF SHOPES IN THE MUNCIPAL COMMITTEE AREA OF DISTRICT MASTUNG, **TSE-252602966353**	24,750,000/-
02	SUPPLY AND INSTALLATION OF PLASTIC WATER TANKS 300G FOR WARD NO. 01 TO 06 MUNCIPAL COMMITTEE MASTUNG **TSE-252602965683**	19,800,000/-
03	SUPPLY AND INSTALLATION OF PLASTIC WATER TANKS 300G FOR WARD NO. 07 TO 12 MUNCIPAL COMMITTEE MASTUNG **TSE-252602969283**	9,900,000/-
04	SUPPLY AND INSTALLATION OF PLASTIC WATER TANKS 300G FOR WARD NO. 13 TO 17 MUNCIPAL COMMITTEE MASTUNG **TSE-252602966163**	19,800,000/-
05	SUPPLY AND INSTALLATION OF PLASTIC WATER TANKS 300G FOR MUNCIPAL COMMITTEE MASTUNG **TSE-252602969363**	9,900,000/-

METHOD OF PROCUREMENT: The procurement shall be made in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules-2014 (amended up-to-date). **Single Stage – Two envelope procedure** Tender/bidding documents can be obtained from the office of undersigned on submission of tender processing fee of **1,500/=** (Non-refundable), deposited through Green challan in **A/C:4037280725 NBP Mastung** in the favor of undersigned. Bid Validity period is **90 days. ELIGIBILITY CRITERIA OF BIDDER:** can be seen in bidding documents on BPPRA website **BID/S SUBMISSION & DEADLINE:** Both the technical and financial proposals by bidding firm/s can be submitted till **23rd February, 2026 till 10.30am. BID/S OPENING:** Only the Technical Bids of All tenders will be opened on same day at 11:30am on the address given below. **ADDRESS:** Office of the Chief Officer Municipal Committee Mastung.

(Chief Officer)
Municipal Committee, Mastung

AB No.811/06-02-2026 www.dpr.gob.pk dpr_gob dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252602969313 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered at Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Buildings) Provincial B&R Panjgur invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1,500 PKR Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF GBP SCHOOL BUILDING SHELTERLESS AT SAYIKI BAZAR PULLABAD KOHBUN DISTRICT PANJGUR (BEMIS 15277)	9,922,528

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 6,945,769 PKR Amount in subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and Above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 24 February, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 24 February, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:30 AM. Address: B&R Colony, District Panjgur Phone no: 0855641553
Email: raismoosaadil@gmail.com

Executive Engineer (Buildings)
CWPP&H Department
District Panjgur

PRQ No.3637/06-02-2026 www.dpr.gob.pk dpr_gob dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Chief Officer District Council Panjgur invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2023, GOB, from interested contractors/firms for the Work listed below under BSDI. Tender fee Rs. 1000/-

Sno.	Name of the scheme	E/Cost
1	SOLARIZATION OF GOVERNMENT GIRLS DEGREE COLLEGE KHUDABADAN PANJGUR. **TSE-252602968393**	10,000,000

The procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory authority rules 2014. **ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant category (C-06) and above and registration with tax authorities i.e. (NTN and Sales Tax Department) where applicable. **Method of procurement:** Single stage – One envelope procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS: Issuance:** Documents will be issued from the date of publication till submission of presentation of requisite documents i.e. Tender fee, (Non-refundable), **2%** bid security / earnest money, in shape of call deposit valid PEC registration certificate. **Submission:** Last date of Submission will be **23.02.2026 (at 10:30 am) Opening:** The tender document will be opened on **23.02.2026 (at 11:30 am)** (bid shall be opened within one hour of the deadline for submission of bids) before procurement committee in the presence of contractors or bids) before procurement committee in the presence of contractors or their authorized representatives / agents. **Place:** of issuance submission inquiries and opening will be on **23.02.2026**: - and bid validity 90 Days. **Time Limit:** 12 Months Address: Office of the Chief Officer District Council Panjgur, Phone no: 03342373917
E-Mail Address Mcpanjgur@gmail.com Terms and conditions: Other terms and conditions are attached with tender documents.

CHIEF OFFICER
DISTRICT COUNCIL
PANJGUR

AB No.810/06-02-2026 www.dpr.gob.pk dpr_gob dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز: 2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 07 فروری 2026ء

برف پگھلنا شروع، امریکہ ایران مذاکرات پورے خطے کیلئے خوش آئند اقدام

عمان کی میزبانی میں ہونے والے مذاکرات میں ایران کی قیادت وزیر خارجہ عباس عراقچی جب کہ امریکا کی قیادت ٹرمپ کے خصوصی ایلچی وٹکوف کے ہاتھوں میں ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے مسقط میں اپنے ہم منصب سے ملاقات میں امریکا کے ساتھ جاری تعطل کو سنبھالنے اور بات چیت کو آگے بڑھانے کے لیے ابتدائی منصوبہ پیش کیا ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کا دعویٰ ہے کہ جمعہ کو ایران کے مقامی وقت کے مطابق صبح 11 بجے بالواسطہ مذاکرات کا پہلا دور شروع ہوا تھا۔ جس میں ایرانی وزیر خارجہ نے اپنا ابتدائی منصوبہ عمانی وزیر خارجہ بدر البوسعیدی کو دیا اور انھوں نے امریکی مشرق وسطیٰ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف تک پہنچایا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ امریکی وفد نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے اس منصوبے کا مکمل جائزہ بھی لیا۔ اس طرح پہلے دور میں ایرانی اور امریکی وفد نے عمانی وزیر خارجہ سے ملاقاتیں کیں اور اپنے اپنے موقف اور تحفظات سامنے رکھے۔ بعد ازاں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے وفد کے ہمراہ عمانی وزیر خارجہ کے ساتھ مشاورت کا دوسرا دور بھی کیا۔ تاہم عمانی وزارت خارجہ کے بیان میں بتایا گیا ہے کہ وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے ایرانی اور امریکی حکام سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری بیان میں مزید کہا گیا کہ ان ملاقاتوں کا مقصد سفارتی اور تکنیکی مذاکرات کی بحالی کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا تھا۔ عمانی وزیر خارجہ البوسعیدی نے اس بات کا اعادہ بھی کیا کہ سلطنت عمان مکالمے کی حمایت جاری رکھے گا اور فریقین کو قریب لانے کے لیے مختلف شراکت داروں کے ساتھ مل کر اتفاق رائے پر مبنی سیاسی حل تلاش کرے گا۔ یاد رہے کہ طویل انتظار اور پس و پیش کے بعد شروع ہونے والے امریکا ایران مذاکرات میں ترکیہ سمیت کئی علاقائی ممالک نے بھی ثالثی کی پیشکش کی ہے۔ قبل ازیں یہ مذاکرات ترکیہ کی پیشکش پر استنبول میں ہونا تھے تاہم ایران کی خواہش پر عمان کے دارالحکومت عمان میں کیے گئے۔ واضح رہے کہ عمان کی روایتی غیر جانبدارانہ سفارت کاری اور خفیہ سفارتی چینلز ماضی میں بھی ایران اور امریکا کے درمیان رابطوں میں اہم کردار ادا کرتے رہے ہیں اور موجودہ پیش رفت اسی سلسلے کی کڑی بھی جا رہی ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا یہ بیان کہ مذاکرات منصفانہ، برابری اور دھمکیوں سے پاک ماحول میں ہونے چاہئیں، دراصل ایران کے اس دیرینہ موقف کی ترجمانی کرتا ہے کہ وہ طاقت کی زبان کے سامنے جھکنے کو تیار نہیں۔ ایران کی یہ پالیسی اس کی داخلی سیاست، قومی وقار اور علاقائی حکمت عملی سے جڑی ہوئی ہے۔ ان تمام حالات کے درمیان پاکستان کو امریکا ایران مذاکرات میں شرکت کی دعوت ملنا غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی ہمیشہ سے توازن، اعتدال اور مذاکرات پر مبنی رہی ہے۔ ایران کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، مذہبی اور جغرافیائی روابط ہیں، جب کہ امریکا کے ساتھ بھی طویل سفارتی اور اسٹریٹجک تعلقات رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کا کردار ایک پل کی مانند ہو سکتا ہے جو دونوں فریقوں کے درمیان اعتماد سازی میں مدد دے۔ استنبول میں ہونے والے مجوزہ مذاکرات کی میزبانی بھی علامتی اہمیت رکھتی ہے۔ ترکیہ ایک ایسا ملک ہے جو مشرق اور مغرب کے درمیان جغرافیائی اور سیاسی پل کی حیثیت رکھتا ہے۔ عمان، سعودی عرب، قطر، مصر اور متحدہ عرب امارات کی شمولیت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ خطے کے اہم ممالک اب کسی بڑے فوجی تصادم سے بچنے کے لیے متحرک ہو چکے ہیں۔ یہ ممالک جانتے ہیں کہ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کا براہ راست اثر ان کی معیشت، سلامتی اور سیاسی استحکام پر پڑتا ہے۔ پاکستان اس موقع پر نہ صرف اپنی سفارتی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکتا ہے بلکہ یہ بھی ثابت کر سکتا ہے کہ وہ محض ایک علاقائی ریاست نہیں بلکہ ایک ذمے دار عالمی شراکت دار ہے۔ تاہم یہ کردار نہایت نازک بھی ہے، کیونکہ کسی ایک فریق کی طرف جھکاؤ پاکستان کے مفادات کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ صدر ٹرمپ جیسی شخصیت کے بارے میں چونکہ پیش گوئی کرنا مشکل ہے اس لیے حتمی بات نہیں کہی جا سکتی۔ ایران کی قیادت کو بھی سنجیدگی کے ساتھ سوچنا ہے کہ انھیں امریکی جارحیت سے بچنے کے لیے مسلم اور عرب دنیا کے تعاون کی ضرورت ہے۔ اس لیے سر دست اسے قومی مفادات کی روشنی میں معاملات کو سمجھنا چاہیے۔ یقیناً ایران کو اندازہ ہو رہا ہے کہ پاکستان کی دوستی اس کی سلامتی کی ضمانت ہے۔ پاکستان کو بھی ادراک ہے کہ سرحدوں پر کوئی اسرائیل نواز حکومت اس کے مفادات کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ سعودی عرب نے بھی جان لیا ہے کہ ایران کے ساتھ معرکہ آرائی پورے مشرق وسطیٰ کے امن کو برباد کر سکتی ہے۔ بحیثیت مجموعی اس احساس کا بیدار ہونا ایک اچھی خبر ہے کہ مسلمان ممالک کے درمیان اتنا خلا نہ ہو جو مخالفین کو در اندازی کا موقع دے۔ ایک اور اہم پیش رفت مسلمان ممالک میں دفاعی تعاون میں اضافہ ہے۔ آغاز پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاعی معاہدے سے ہوا۔ اب ترکیہ اور ملائیشیا بھی اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اس کو بہت حکمت کے ساتھ آگے بڑھانا ہوگا۔ ''اسلامک نیٹو'' کا خیال اگر بلوغت تک پہنچ جائے تو اس کے بہت سے فوائد ہیں۔ عالمی سطح پر دیکھا جائے تو امریکا اور ایران کے درمیان کسی بھی ممکنہ معاہدے کے اثرات محض ان دونوں ممالک تک محدود نہیں رہیں گے۔ توانائی کی عالمی منڈیاں، تیل کی قیمتیں، خلیجی ریاستوں کی سلامتی اور ایشیا و یورپ کے تجارتی راستے سب اس سے متاثر ہوں گے۔ پاکستان جیسے ممالک کے لیے، جو توانائی درآمد کرنے پر انحصار کرتے ہیں، خطے میں استحکام براہ راست معاشی بہتری سے جڑا ہوا ہے۔ اس لیے پاکستان کا امن کے حق میں کردار اس کے اپنے قومی مفاد سے ہم آہنگ ہے۔ امریکی صدر کی جانب سے ری پبلکن پارٹی کے لیے مڈٹرم الیکشن جیتنے کی خواہش کا اظہار اس بات کی یاد دہانی ہے کہ عالمی سیاست اکثر داخلی سیاست کے زیر اثر ہوتی ہے۔ خارجہ پالیسی کے بڑے فیصلے بھی بعض اوقات ووٹرز کو متاثر کرنے کے لیے کیے جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی برادری امریکا کے بیانات کو محض اعلانات کے بجائے عملی اقدامات کی روشنی میں جانچنے کی کوشش کرتی ہے۔ ایران کی محتاط امید اور محتاط بے یقینی دراصل اس تجربے کا نتیجہ ہے جو اسے ماضی میں حاصل ہوا۔ ایرانی سفارتی ذرائع کا یہ کہنا کہ نہ تو وہ پرامید ہیں اور نہ ہی مایوس، ایک حقیقت پسندانہ رویے کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ رویہ شاید مذاکرات کی کامیابی کے لیے ضروری بھی ہے، کیونکہ غیر ضروری توقعات اکثر مایوسی کا سبب بنتی ہیں۔ آخر کار یہ بات واضح ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کی کامیابی صرف اس صورت میں ممکن ہے جب دونوں فریق ماضی کی غلطیوں سے سیکھنے پر آمادہ ہوں۔ طاقت کے استعمال اور پابندیوں کی سیاست نے اب تک مسائل کو حل کرنے کے بجائے مزید الجھایا ہے۔ اگر واقعی عالمی امن اور علاقائی استحکام مطلوب ہے تو اعتماد سازی، باہمی احترام اور سنجیدہ سفارت کاری کے سوا کوئی راستہ نہیں۔ پاکستان اور دیگر علاقائی ممالک کے لیے یہ ایک موقع ہے کہ وہ دنیا کو یہ پیغام دیں کہ تنازعات کا حل جنگ نہیں بلکہ بات چیت ہے۔ آنے والا وقت یہ طے کرے گا کہ استنبول کے مذاکرات ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوں گے یا پھر تاریخ کی فائلوں میں ایک اور ناکام کوشش کے طور پر درج ہو جائیں گے۔ تاہم ایک بات طے ہے کہ اس عمل میں شامل ہر ریاست کے فیصلے آنے والی نسلوں کے مستقبل پر اثر انداز ہوں گے، اور یہی اس معاملے کی اصل سنجیدگی ہے۔

اومان میں ممکن ہوئے امریکہ ایران مذاکرات

برملا — نصرت جاوید

عمیری وائرل ویڈیو

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

جیسا کروگے ویسا بھروگے

قرطاس

کشمیر ہمارا ہے۔ سارے کا سارا ہے

شہر یاراں

بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے روزگار پیدا کرنے کی ضرورت!

تاثرات — سید مجاہد علی

حیات محمد خان شیرپاؤ شہید: خدمت، فکر اور عوامی سیاست کی علامت

منظر نامہ

8 فروری پاکستان کی تاریخ کا وہ افسوسناک دن ہے جب ایک نوجوان، عوام دوست اور ترقی پسند رہنما حیات محمد خان شیرپاؤ پشاور یونیورسٹی میں ایک تقریب کے دوران بم دھماکے میں شہید کر دیے گئے۔ کئی دہائیاں قبل قاتلوں کا مقصد یقیناً یہی تھا کہ ان کی شہادت کے ساتھ وہ سوچ بھی ختم ہو ... ایک سوچ جو جدید بھی تھی، ترقی پسند بھی، اور عوامی خدمت سے جڑی ہوئی بھی۔ ان کا یقین تھا کہ ...

جرمنی میں افغان قونصل خانوں کا دوہرا چیلنج

پیامبر

گرینڈ الائنس کے اسیر رہنماؤں کی رہائی کے بعد قلات پہنچنے پر تپاک استقبال

قائدین نے 18 روز قید و بند میں ثابت قدمی، حوصلے اور قربانی کا مظاہرہ کیا، وہ رائیگاں نہیں جائے گی

قید و بند ہمیں مطالبات سے پیچھے نہیں ہٹا یا جا سکتا، جبر و تشدد کو عزم، استقلال سے شکست دی، مقررین

میں جس ثابت قدمی، حوصلے اور قربانی کا مظاہرہ کیا، وہ ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔ انہوں نے جبر و تشدد کی زنجیروں کو اپنے عزم، استقلال اور حق پرستی سے شکست دی۔ سلام ہے ان اسیران حق کو کہ جبر کی سلاخیں، ظلم کی کال کوٹھڑیاں اور ریاستی ہتھکنڈے بھی ان کے بلند حوصلوں کو پست نہ کر سکے یہ عظیم قربانیاں تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ وہ دن دور نہیں جب یہی اذیتیں اور یہ جبر، ظالموں کے لیے جواب دہی کا سبب بنیں گے۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ حق کے لیے قید ہونے والے ہی اصل فاتح ہوتے ہیں، جبکہ ظلم و جبر ہمیشہ رسوائی کا مقدر بنتا ہے۔ جبکہ عبدالرؤف مغل آغا محبوب شاہ ناصر بلوچ اور محمد عظیم لانگو نے بدنام جیل اور بدنام زمانہ مچھ جیل میں اذیتوں کی مختصر کارگزاری بیان کرتے ہوئے کہا کہ ایسے قید و بند سے ہمیں ہمارے مطالبات سے پیچھے نہیں ہٹایا جا سکتا ہمارے حوصلے بلند ہے اس موقع پر سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان، سیاسی، سماجی و مذہبی شخصیات، ملازمین اور اسیران کے اہل خانہ نے پرتپاک اور شاندار استقبال کیا، گل پوشی کی اور اس تاریخی جدوجہد پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

بہترین کارکردگی پر ڈی ایچ او حفیظ اللہ کھوسو کو تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

جو مستقبل میں تعلیمی و امتحانی نظام کی بہتری کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی کا مڈل امتحانات کے مختلف مراکز کا دورہ

انتظامات کا جائزہ، نقل کی روک تھام کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کی ہدایت

امتحانی مراکز کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی مراکز میں کیے گئے انتظامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور مجموعی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی ای او سبی عبدالستار لانگو نے امتحانی مراکز کے سپرنٹنڈنٹس، نگران عملے اور متعلقہ اسٹاف کو سختی سے ہدایت کی کہ مڈل امتحانات میں نقل جیسے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اور ٹھوس ی کہ امتحانی مراکز میں امیدواروں کو موبائل فون لانے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے جبکہ غیر متعلقہ افراد کے امتحانی ہال میں داخلے پر مکمل پابندی عائد رہے گی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے کہا کہ صاف، شفاف اور میرٹ پر مبنی امتحانات ہی طلبہ کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہیں اور اس مقصد کے لیے محکمہ تعلیم سبی پوری طرح پرعزم ہے۔

فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے رہنما حاجی ممتاز علی جتک کے چاچا کامریڈ میر احمد جتک کے والد کا فاتحہ خوانی گوٹھ میاں خان جتک میں جاری ہے گزشتہ روز تعزیت کرنے والوں میں پیر سید محمد کاشف جیلانی سردار چنگیز خان ساسولی سردارزادہ بخشی میر ممتاز خان عمرانی جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما مولوی عبداللہ جتک چیف آفیسر وڈیرہ احمد نواز جتک حاجی احمد سلطان لہڑی معروف ٹھیکیدار شاہ اللہ لہڑی غلام رسول لہڑی کمال دین لہڑی میر رحیم لہڑی شاہد علی لہڑی وڈیرہ محمد امین جتک میر منظور احمد جتک جمعیت علمائے اسلام کے رہنما حاجی رحمت اللہ ہنگورئی حاجی محمد بخش ہنگورئی ٹھیکیدار محمد رحیم ہنگورئی جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما استاد بشیر احمد ماندائی پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو سید احسان علی شاہ سید امداد علی شاہ رئیس رحمت اللہ بجاری تحصیلدار جعفر بجاری حاجی گلاب خان گولا وڈیرہ جمیل احمد گولا نگری امداد علی کھتوروائی عمرانی ڈاکٹر عارف علی عمرانی رئیس نظام الدین عمرانی آصف علی عمرانی یوسی چیئرمین میر شبیر احمد مری حاجی اللہ بخش جتک میر نظام جتک میر غلام رسول لہڑی وڈیرہ عبدالصمد جتک کامریڈ قربان علی عمرانی ارشاد علی عمرانی ٹھیکیدار علی دوست عمرانی سوشل ورکر دلدار علی بگٹی کامریڈ میر عبدالرسول لہڑی میر علی مردان لہڑی علی حسن لہڑی کامریڈ طارق عزیز جتک ڈاکٹر حامد علی جتک یوسی چیئرمین میر محمد شریف لہڑی میر شبیر احمد مینگل وڈیرہ محمد ابراہیم مینگل محمد اسحاق مینگل محمد نور مینگل اور علاقے کے دیگر سوشل ورکرز سیاسی و قبائلی رہنماؤں سمیت درجنوں افراد نے فاتحہ خوانی و اظہار تعزیت کی اور مرحوم کے درجات بلندی کے لیے دعا مانگی فاتحہ خوانی کا سلسلہ گوٹھ میاں خان جتک میں جاری ہے

انتظامیہ نے چمن میں آوارہ کتوں کو شہریوں کو کاٹنے کا نوٹس

میونسپل کارپوریشن کا کریک ڈاؤن شہر سے آوارہ کتوں کا خاتمہ کر دیا گیا

نوشکی بی ٹی 1 غریب آباد، قاضی آباد کی بجلی بحال، عوام نے سکھ کا سانس لیا

ڈیرہ مراد جمالی میں دن دہاڑے مسلح افراد کی ڈکیتی کی وارداتیں

ڈکی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ مین بازار میں دن دہاڑے نقاب پوش مسلح افراد نے ہوٹل میڈیکل اسٹور میں گھس کر عملے کو یرغمال بنا دیا اور ملک مبشر کمار سے گن پوائنٹ پر ایک لاکھ روپے نقدی اور دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی۔

لسبیلہ کے عوام کی وزیراعلیٰ سے ڈائیلاسز سینٹر قائم کرنے کا مطالبہ

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی اور رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے مطالبہ کیا ہے کہ لسبیلہ میں SIUT طرز پر ایک گردے کے ڈائیلاسز سینٹر قائم کیا جائے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ گردے کے مریضوں کو کراچی جانے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، خاص طور پر قومی شاہراہ پر ہونے والے احتجاجات کے باعث سفر دشوار ہو جاتا ہے۔ کئی مریض راستے میں دم توڑ دیتے ہیں، کیونکہ انہیں بروقت علاج کی ضرورت ہوتی ہیں حلقوں کا مطالبہ ہے کہ اوتھل، بیلہ یا وندر میں ایک ڈائیلاسز سینٹر قائم کیا جائے تاکہ مریضوں کو کراچی جانے کی ضرورت نہ پڑے اور انہیں اپنے علاقے میں ہی علاج کی سہولت حاصل ہو سکے۔ عوام کا کہنا ہے کہ یہ دونوں منصوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں اور ان کے قیام سے لسبیلہ کے عوام کی صحت کی سہولتیں بہتر ہوں گی۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

اطلاع عام

شالکوٹ اسکیم جو اس وقت مسمی محمد ولد ملک دینار خان کے نام ہے کی ٹرانسفر محمد ایاز ولد محمد حنیف کے نام کرانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No..........62729

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430272171747 بنام زین اللہ ولد سوراب خانوزئی کے ایریا میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03336246858 پر مطلع کریں
خانوزئی............

گمشدگی کاغذات

میرا رکشہ نمبر RA-4739 انجن نمبر 163ML11051385 چیسز نمبر SG12030883 کے کاغذات بنام سید رحمت اللہ ولد سید عبداولی کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03218146020 پر مطلع کریں
استاف............

گمشدگی سروس کارڈ

میرا ریلوے کا سروس کارڈ نمبر 10022 بنام بشیر احمد ولد محمد عمر ریلوے اسٹیشن کے ایریا میں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03337100883 پر مطلع کریں
استاف............

ڈی سی چمن کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم ایوننگ جائزہ اجلاس

انتظامیہ پولیو ٹیموں کو تحفظ اور ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے، حبیب ہنگورئی

چمن (نامہ نگار) ضلع چمن ڈی سی چمن حبیب احمد ہنگورئی کی زیر صدارت ضلع چمن میں جاری انسداد پولیو مہم کے پانچویں روز کی ایوننگ جائزہ اجلاس منعقد کیا گیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چمن ڈاکٹر نوید بادینی، اے ڈی سی چمن فدا بلوچ، ڈی پی او چمن عبداللہ چیمہ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرشید ڈسٹرکٹ کمیونیکیشن آفیسر اشرف اچکزئی اور دیگر پولیو آفیسرز شریک تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی چمن نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے تک تمام ٹیمیں محنت لگن دیانتداری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خدمات انجام دیں ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ انتظامیہ پولیو ٹیموں کو مکمل تحفظ اور ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے تاکہ مہم کو کامیابی سے مکمل کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ ہر فیلڈ اور کام میں مشکلات اور چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے تاہم اچھے مخلص اور پروفیشنل افسران اور سٹاف اپنے ہدف کو حاصل کرنے کو آرام اور سلیقے سے پایہ تکمیل کو پہنچاتے ہیں اجلاس میں ڈی سی چمن کو انسداد پولیو مہم کی پیش رفت اور انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی چمن نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

چمن، ڈی سی حبیب احمد ہنگورئی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیو ٹیم حملے میں ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزا دی جائے، حاجی امان اللہ

امن و امان میں خلل ڈالنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے، ڈسٹرکٹ چیئرمین

چمن (نامہ نگار) چمن میں پولیو ٹیم پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ پولیس اہلکار ہلاک جبکہ دوسرا زخمی علاقے کو پولیس و سیکورٹی اداروں نے گھیرے میں لیکر تفتیش شروع کر دیا۔ واقعہ کی تحقیقات کر کے ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی امان اللہ اچکزئی تفصیلات کے مطابق چمن شہر کلی حاجی اکبر میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکار ہلاک جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا واقعے کے فوری بعد پولیس فورس و سیکورٹی اہلکاروں نے علاقے کو گھیرے میں لیکر تحقیقات شروع کر دی واقعے پر ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی امان اللہ مذمت کرتے ہوئے کہا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو پوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور ملزمان کو قرار واقعی سزا دی جائے کیونکہ اس طرح کے واقعات تواتر سے رونما ہو رہے ہیں جس کی روک تھام انتہائی ضروری ہیں کیونکہ اس طرح امن و امان میں خلل ڈالنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے واقعہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر عبدالخالق مقبل اور دولت زئی قومی اتحاد کے رہنما کلیم اللہ حکمت یار نے سخت مذمت کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ملزمان کو پوری طور پر گرفتار کیا جائے تاکہ آئندہ اس طرح کے واقعات علاقے میں رونما ہونے کا سلسلہ ختم ہو جائے اور پولیو ٹیموں کی حفاظت کیلئے سخت اقدامات اٹھائے جائے۔

مسعود کھوسہ کو بلامقابلہ ضلعی چیئرمین منتخب ہونے پر مبارک باد

باجی پور (نامہ نگار) میر مسعود خان کھوسہ کو بلامقابلہ ضلعی چیئرمین صحبت پور منتخب ہونے پر دلی مبارک باد پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار نوجوان کھوسہ اتحاد کوئٹہ کے رہنما ڈاکٹر محمد بقا خان کھوسہ، منصب علی کھوسہ اور دیگر نے اپنے بیان میں کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایڈووکیٹ میر مسعود خان کھوسہ عوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار نوجوان لیڈر ہیں ہم امید کرتے ہیں کہ میر مسعود خان کھوسہ ضلع بھر کی عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے جدوجہد کریں گے

شہر بھر میں صفائی مہم پوری آب و تاب کے ساتھ جاری ہے، ولی محمد بڑیچ

مقصد ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا، لورالائی کو مثالی شہر کی شکل دینا ہے

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے واضح ویژن اور احکامات کی روشنی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ بلوچ کی ہدایت اور براہ راست نگرانی میں شہر بھر میں صفائی مہم پوری آب و تاب کے ساتھ جاری ہے۔ اس جامع صفائی مہم کا بنیادی مقصد شہریوں کو صاف، ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا اور لورالائی کو ایک مثالی شہر کی شکل دینا ہے۔ چیف آفیسر محب اللہ بلوچ، جو ایک متحرک، فعال اور عوام دوست انتظامی افسر کے طور پر جانے جاتے ہیں، صفائی مہم کی خود نگرانی کر رہے ہیں۔ عملہ صفائی کو واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ شہر کے تمام علاقوں میں بلاتفریق صفائی کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔ ان کی موثر قیادت میں میونسپل کمیٹی لورالائی نے صفائی کے مجموعی نظام میں نمایاں بہتری پیدا کی ہے۔ صفائی مہم کے دوران میونسپل کمیٹی کے مختلف زونز نالیوں اور کچرے کی بروقت اور موثر صفائی کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ سلیم داد کمپلینٹ زون کے سردار قادر محلہ میں نالیوں اور کچرے کی مکمل صفائی کی گئی، جبکہ کاشف زون کے چھوٹی پہاڑی محلہ اور پرانے ہسپتال کے اطراف میں جمع شدہ کچرے اور نالیوں کو صاف کر کے علاقے کو صاف ستھرا بنایا گیا۔ اسی طرح عجب زون کے ہاشم ہسپتال اور دوبیگاٹ محلہ میں بھی نالیوں کی صفائی کا عمل مکمل کیا گیا، جہاں عملہ صفائی نے ٹریکٹر ٹرالیوں کی مدد سے کچرا بروقت منتقل کر کے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنایا۔

گنداواہ، ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر ممتاز علی مگسی سے پریس کلب کے جنرل سیکرٹری و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

شجرکاری مہم میں شہری بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، مولوی عبدالحمید

ماحولیاتی آلودگی انسانی صحت کو متاثر کر رہی ہے، سیف اللہ بلوچ

لورالائی (پ ر) ماحولیاتی آلودگی میں تیزی سے اضافہ، موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات اور انسانی صحت کو درپیش سنگین خطرات نے شجرکاری کو وقت کی اہم ترین ضرورت بنا دیا ہے۔ درخت نہ صرف فضائی آلودگی کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں بلکہ انسانی زندگی کو متوازن اور محفوظ بنانے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار اسلیف ڈرگ ٹریٹمنٹ کے سربراہ سیف اللہ بلوچ اور عادی منشیات ہسپتال لورالائی کے سربراہ مولوی عبدالحمید مردانزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ شجرکاری کسی ایک ادارے یا مہم تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اسے ایک اجتماعی ذمہ داری کے طور پر اپنانا ہوگا۔ موجودہ دور میں بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی براہ راست انسانی صحت کو متاثر کر رہی ہے، جس کے نتیجے میں سانس، دل اور دیگر دائمی بیماریوں میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ درخت قدرتی آکسیجن فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ فضا سے مضر ذرات کو جذب کر کے ماحول کو صاف رکھتے ہیں۔ مولوی عبدالحمید مردانزئی نے اس موقع پر کہا کہ شجرکاری نہ صرف سائنسی بلکہ دینی لحاظ سے بھی ایک اہم عمل ہے۔ اسلام میں ماحول کے تحفظ اور زمین کی آبادکاری پر خاص زور دیا گیا ہے اور درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے جس کا اجر نسلوں تک جاری رہتا ہے۔ ایک صحت مند معاشرہ تب ہی تشکیل پا سکتا ہے جب ماحول صاف اور قدرتی توازن برقرار ہو۔ دونوں رہنماؤں نے شہریوں، بالخصوص نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے گھروں، تعلیمی اداروں، دفاتر اور عوامی مقامات پر زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں۔ اگر ہر شہری کم از کم ایک پودا لگانے اور اس کی دیکھ بھال کی ذمہ داری لے تو ماحولیاتی بہتری ممکن ہو سکتی ہے۔

پی ٹی اے کا اندرون سندھ، پنجاب چلنے والی کوچز، بکنگ آفسز کا معائنہ

اکثر گاڑیوں کے روٹ پرمٹ کی تجدیدی فیس جمع نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے

نصیرآباد (خ ن) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان وحید شریف کی ہدایت پر پی ٹی اے کی ٹیم نے ڈیرہ مراد جمالی سے کراچی، حب چوکی، اندرون سندھ اور پنجاب کے لیے چلنے والی کوچز اور ان کے بکنگ آفسز کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر برکانی کوچ سروس، داؤد کاروان، مری کوچ اور فدا کوچ کمپنی کی گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ، سی سی ٹی وی کیمرے اور روٹ پرمٹ چیک کیے گئے اس موقع پر اکثر گاڑیوں کے روٹ پرمٹ کی تجدیدی فیس جمع نہ ہونے کا انکشاف ہوا۔ جس پر تمام کوچ مالکان کو ہدایت دی گئی کہ انٹر پراونشل روٹ پر چلنے والی گاڑیوں کی جانب سے فیس جمع نہ کرنے سے سرکاری ریونیو کو اثر پڑ رہا ہے، جس سے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ لہٰذا صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ اور سیکرٹری پراونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی بلوچستان کی واضح ہدایات ہیں

کنٹریکٹ امیدواروں کی حتمی فہرست آویزاں کر دی گئی ہے، شاہ بخش

جس امیدوار کے کاغذات کی تصدیق نہ ہو سکی تو اگلے امیدوار کو ترجیح دی جائے گی

استا محمد (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر استا محمد شاہ بخش چندرانی کے مطابق ان کنٹریکٹ امیدواران فیز تھری کے تحت جن تمام امیدواران نے اپنے کاغذات جمع کرائے تھے، ان کی حتمی فہرست دفتر میں آویزاں کر دی گئی ہے۔ پریس ریلیز میں مزید وضاحت کی گئی ہے کہ سیکریٹری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کے احکامات پر تمام امیدواران کی تقرری ان کے کاغذات کی مکمل تصدیق کے بعد عمل میں لائی جائے گی۔ مذکورہ نوٹیفکیشن کے مطابق مشتہر یونین کونسلوں کے شارٹ لسٹ شدہ امیدواران کے ساتھ ساتھ سیکنڈ میرٹ کے امیدواران کی تمام دستاویزات ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن (سکولز) نصیرآباد کو تصدیق کے لیے جمع کر دی گئی ہیں، جبکہ ان کی فہرست میرٹ کے مطابق مارکس کے ساتھ بھی آویزاں کر دی گئی ہے۔

اپیل

وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان بھر کے تمام پرائیویٹ اسکولوں کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ صرف بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اور ادارہ نصابیات و مرکز توسیع کے منظور شدہ قومی نصاب 2022-23 کے تحت منظور شدہ کتب اپنائیں۔ تمام پرائیویٹ اسکولوں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ سے رجسٹرڈ ناشرین کی (این او سی شدہ) کتابیں استعمال کریں۔ رجسٹرڈ ناشرین کی لسٹ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔ پرائیویٹ اسکولوں کو مزید تنبیہ کی جاتی ہے کہ رجسٹرڈ ناشرین کی (این او سی شدہ) کتب کے علاوہ اگر دوسرے کتب کو استعمال کرتے ہوئے پایا گیا تو ان کے خلاف بلوچستان پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز (رجسٹریشن، ریگولیشن اینڈ پروموشن) ایکٹ 2022 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جو کہ متعلقہ اسکول کی رجسٹریشن کی منسوخی (Cancellation) بھی ہو سکتی ہے۔

چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ

AB No808/06-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION IN BID SUBMISSION AND OPENING DATE

In continuation of B.D.A. advertisement published on 21-01-2026 in leading Newspapers vide AB No.735/20-01-2026.

The opening date for the said scheme with TSE-No. 25260296496 3 may be read as 17 th February 2026 instead of 04 th February 2026 to address the observation(s) in this regard.

Phone No.081-9201875 – 9201775

CHAIRMAN
Balochistan Development Authority Head office, Zarghoon Road Quetta Cantt:

AB No.815/06-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department District Naseerabad invites sealed bids from eligible bidders on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below. **Earnest Money 2% in shape of call deposit , Tender Fee 2000/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) and Time Limit** 12-Months

S.No.	Name of Work	E/Cost	E/Money
1	REMAINING WORK FOR CONSTRUCTION OF POLICE STATION PHULEJI AT DISTRICT NASEERABAD. **TSE- 252602969303**	39.824-M	8,00,000/-

ONLY ELECTRIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILTIY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-5** with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility alongiwth qualifying criteria as mentioned in the bidding documents available on BPPRA website (it's mandatory). METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **BID SECURITY & FEE.** The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee under head C-02716 in the Bank of NBP Dera Murad Jamali. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **DEAD LINE OF SUBMISSION**: Bid can only be submitted electronically latest by **27th February, 2026** till **12:00 PM** through supplier dashboard. **OPENING OF BID(S)**: Envelope containing "Technical Bid" will be opened on the same day i.e. **27th February-2026** at **1:00PM** on EPPS System. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will be automatically dropped/withdrawn from EPPS from Financial opening of Bid. **BID VALIDITY: Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Buildings) CW,PP&H Department District Naseerabad at Dera Murad Jamali Telephone No. **0838-710615**,

Email address:Kakarrehman222@gmail.com. **TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(BUILDINGS) CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT NASEERABAD AT D.M. JAMALI

PRQ No.3631/06-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department District Naseerabad invites sealed bids from eligible bidders on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below. **Earnest Money 2% in shape of call deposit , Tender Fee 2000/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716) and Time Limit** 12-Months

S.No.	Name of Work	E/Cost	E/Money
1	FORTIFICATION OF THANAS AND POSTS (SP) POLICE STATION CHATTAR DISTRICT NASEERABAD **TSE-252602969253**	21.636-M	4,40,000/-

ONLY ELECTRIC BID WILL BE SUBMITTED, NO PHYSICAL BID IS REQUIRED

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILITY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-6** with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility alongiwth qualifying criteria as mentioned in the bidding documents available on BPPRA website (it's mandatory). METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of **Rs.1000/- (NON REFUNDABLE)** deposited in the head of account **C02716** thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e **27/02/2026** until **12.00 hrs**. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. DEAD LINE OF SUBMISSION**: The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before **27/02/2026** at **12.00** hrs. **OPENING OF BID (S)**: Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. **27/02/2026** at **13.00** hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives with authority letter on non-judicial stamp paper of **Rs.100/-** duly attested by the notary public) who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened. **BID VALIDITY: Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Buildings) CW,PP&H Department District Naseerabad at Dera Murad Jamali Telephone No. **0838-710615**, Email address:Kakarrehman222@gmail.com.

TERMS & CONDITIONS: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(BUILDINGS) CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT NASEERABAD AT D.M. JAMALI

PRQ No.3629/06-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The office of Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department District Naseerabad invites sealed bids from eligible bidders on National Competitive Bidding (NCB) who can prove their eligibility and qualification as mentioned in the Bidding Documents for the works mentioned below.

Tender Fee 1000 PKR (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716)

S .No	BPPRA Web TSE No.	Name of Work	Estimated Cost	Earnest Money 2% in shape of call deposit	Time Limit
1	TSE-252602969393	Repair of Dressing Rooms and Installation of Flood Flesh lights in Shaheed Ghaffar Cricket Ground Dera Murad Jamali.	14.852-M	PKR 3,00,000/-	12-Month
2	TSE-252602969443	Construction of Mortuary in DHQ Dera Murad Jamali at District Naseerabad.	19.852-M	PKR 4,00,000/-	12-Month
3	TSE-252602969473	Construction of Boundary Wall around Assistant Commissioner and Type Office Dera Murad Jamali.	2.474-M	PKR 50,000/-	12-Month
4	TSE-252602969493	Rehabilitation of B/W at Irrigation Colony Dera Murad Jamali District Naseerabad.	19.800-M	PKR 4,00,000/-	12-Month
5	TSE-252602969523	Upgradation of Family Park Irrigation Colony Dera Murad Jamali.	9.900-M	PKR 1,00,000/-	12-Month

Bidding process of aforementioned works shall be carried out in accordance with the rules of Balochistan Public Procurement Authorities 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. **BASIC ELIGIBILITY**: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-6** with specialization codes **CE01 and CE10** in relevant discipline. and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility alongiwth qualifying criteria as mentioned in the bidding documents available on BPPRA website (it's mandatory). METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of **Rs.1000/- (NON REFUNDABLE)** deposited in the head of account **C02716** thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk), under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e **27/02/2026** until **12.00 hrs**. The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must have accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **Bid security if not found in technical bid envelop the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. DEAD LINE OF SUBMISSION**: The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before **27/02/2026** at **12.00** hrs. **OPENING OF BID (S)**: Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. **27/02/2026** at **13.00** hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives with authority letter on non-judicial stamp paper of **Rs.100/-** duly attested by the notary public) who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing "Financial Bid" of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened. **BID VALIDITY: Ninety (90) days PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION**: Executive Engineer (Buildings) CW,PP&H Department District Naseerabad at Dera Murad Jamali Telephone No. **0838-710615**, Email address:Kakarrehman222@gmail.com. **TERMS & CONDITIONS**: Terms & Conditions are mentioned (incorporated) in detail in Bidding Documents. The bidders providing unsubstantiated and / or incorrect information will be liable to disqualification and / or legal action.

EXECUTIVE ENGINEER(BUILDINGS) CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT NASEERABAD AT D.M. JAMALI

PRQ No.3650/06-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, CW,PP&H Building Department District Jhal Magsi , invites sealed tender forms (as per schedule B) based on composite schedule of rates 2023 Government of Balochistan from interested contractors/firms under the Balochistan Special Development Initiative (BSDI Phase-II)-2025-26 works listed below:-

S. #	Name of work	Estimated Cost (Million)	Bid Security 2% in (Rs)	Tender Fee (Rs.)	Time of Completion
1	Rehabilitation of existing building, Construction of New Boundary wall & Wash Facilities and Installation of Solar Power at BHU Kotra (BSDI) TSE-252602966523	14.41	288,500	1,500/-	30-June-2026
2	Rehabilitation of existing building, Construction of New Boundary wall & Wash Facilities and Installation of Solar Power at BHU Pach (BSDI) TSE-252602966563	14.41	288,500	1,500/-	30-June-2026
3	Rehabilitation of existing building, Construction of New Boundary wall & Wash Facilities and Installation of Solar Power at BHU Panjuk (BSDI) TSE-252602965593	14.41	288,500	1,500/-	30-June-2026
4	Construction of New BHU Building at Qazi Ismail Tehsil Gandawah (BSDI)TSE-252602966623	15.00	300,000	1,500/-	30-June-2026
5	Repair and Rehabilitation of laboratory at RHC Jhal MagsiTSE-252602966653	5.00	100,000	1,000/-	30-June-2026
6	Establishment of Blood Bank at DHQ Gandawah and RHC Jhal Magsi (BSDI) TSE-252602966733	6.00	120,000	1,000/-	30-June-2026
7	Procurement of Air Condition System and Sorization of Medicine/ Store Rooms at DHQ and RHC (BSDI) TSE-252602967503	5.00	100,000	1,000/-	30-June-2026
8	Solrization of DHQ Hospital Gandawah (BSDI) TSE-252602967763	3.00	60,000	1,000/-	30-June-2026
9	Solrization of RHC Jhal Magsi (BSDI) TSE-252602967783	2.00	40,000	1,000/-	30-June-2026

Eligibility of Bidders: Procurements shall be made under B-PPRA Rules 2014 amended up-to-date, Bid is open to all bidders who meet the following Basic Eligibility Criteria; An individual bidder having Valid PEC registration in the relevant Category or above d. Active registration certificates from Income Tax Authority FBR (NTN) and Balochistan Revenue Authority (BRA) e. The contractor has not been blacklisted earlier by any government agency or private organization. f. The amount of Bid Security shall be 2% of the quoted amount in the form of CDR or a Bank Guarantee issued by a Scheduled Bank in Pakistan in favour of the Employer valid for a period 28 days beyond the Bid Validity date. g. Submission of an application on firm letterhead signed/stamped along with Original CDR and Green Challan is mandatory to be submitted in office on or before date of Bidding. **Method of Procurement**: Single Stage-Single Envelope Procedure. The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment of bidding document fee through Green Challan in the NBP under Head of account C-02716. & The Firm download BPPRA challan their USER ID against TSE. The BPPRA Challan paid in the NBP any branch. The Bidding Documents duly filled attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or thought registered mail on or before **23rd February-2026 at 12:00 PM** at Office The Executive Engineer, CW,PP&H Building Department District Jhal Magsi at Gandawah. **Tender opening**: envelope containing technical bid will be opened on **23rd February-2026 at 1:00 PM. Bids Validity**: Ninety (90) days **Address**: at Office of the Sub Divisional Officer, CW,PP&H Building Department Tehsil JhalMagsi Email:zafarabro816@gmail.com Phone Number **0837-430184**

Executive Engineer CW,PP&H Building Department Jhal Magsi

PRQ No.3632/06-02-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ٹی 20 ورلڈ کپ، پاکستان کے بھارت کے بائیکاٹ پر بھارتی کپتان بھی بول پڑے

گروپ اسٹیج میں پاکستان کے خلاف میچ کھیلنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، سوریہ کمار

نئی دہلی (این این آئی) ایشیا کپ 2025ء میں پاکستانی ٹیم سے مصافحہ نہ کرنے والے بھارتی کپتان سوریہ کمار یادیو نے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کے بھارت کے بائیکاٹ پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026ء کے گروپ اسٹیج میں پاکستان کے خلاف میچ کھیلنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی کرکٹ ٹیم کے بلے باز سوریہ کمار یادیو نے گزشتہ روز آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سے قبل ممبئی میں ٹیموں کے کپتانوں کی میڈیا بریفنگ کے دوران پاکستان کے بھارت سے کھیلنے سے انکار پر اپنا موقف پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بائیکاٹ کے باوجود بھارت ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026ء کے گروپ اسٹیج میں پاکستان کے خلاف میچ کھیلنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ سوریہ کمار یادیو نے کہا کہ میچ ہو یا نہ ہو بھارتی ٹیم کولمبو ضرور جائے گی، ہم نے پاکستان کے ساتھ کھیلنے سے انکار نہیں کیا بلکہ انکار ان کی جانب سے آیا ہے۔ بھارتی کپتان نے کہا کہ آئی سی سی نے شیڈول بنایا پھر بی سی سی آئی اور بھارتی حکومت نے آئی سی سی کے ساتھ مشاورت سے نیوٹرل وینیو پر کھیلنے کا فیصلہ کیا، کولمبو کے لیے ہماری فلائٹ بک ہے اور ہم وہاں جارہے ہیں آگے کیا ہوتا ہے بعد میں دیکھیں گے۔ پاکستان کے خلاف میچ سے متعلق ٹیم کے ماحول پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹیم کی پلاننگ بالکل واضح ہے، پہلے 7 فروری کا میچ، پھر 12 فروری کو نمیبیا سے اور اس کے بعد کولمبو روانگی۔ سوریا کمار نے موجودہ صورتحال پر اظہار خیال پیش کیا۔

کوئٹہ، کشمیر ڈے کے حوالے سے اشر کلب کرائے چیمپئن شپ کے مہمان خصوصی عبداللہ رند کھلاڑی کو میڈل دے رہے ہیں

آل کوئٹہ بلوچستان سپورٹس بورڈ فٹسال ٹورنامنٹ کامیابی کیساتھ اختتام پذیر

پاک ہزارہ ٹاؤن کلب نے ٹائٹل 4 - 5 سے اپنے نام کیا

فائنل میچ کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل کھیل بلوچستان ڈاکٹر یاسر خان بازئی تھے

کوئٹہ (ع ن) آل کوئٹہ بلوچستان سپورٹس بورڈ فٹسال ٹورنامنٹ کامیابی کیساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام اور بلوچستان فٹسال ایسوسی ایشن کے زیر نگرانی یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ٹورنامنٹ کا فائنل میچ اور سیمی فائنل میچز ایوب سپورٹس کمپلیکس کے پی ایس بی جمنازیم میں منعقد کیے گئے۔ ٹورنامنٹ کے فیصلہ کن میچز یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر منعقد کرنے کا مقصد کشمیری عوام کیساتھ اظہار یکجہتی کرنا تھا، فائنل میچ پاک ہزارہ ٹاؤن فٹسال کلب اور ہزارہ لائنز فٹسال کلب کے مابین کھیلا گیا دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاک ہزارہ ٹاؤن کلب نے 4 کے مقابلے میں 5 گول سے جیت کر ٹائٹل اپنے نام کیا اس سے قبل پہلا سیمی فائنل کوئٹہ اکیڈمی شیخ ماندہ اور پاک ہزارہ ٹاؤن کلب کے مابین کھیلا گیا جبکہ دوسرا سیمی فائنل طاہر آغا فٹسال کلب اور ہزارہ لائنز فٹسال کلب کے مابین کھیلا گیا، اس موقع پر تماشائیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جو میچز سے خوب محظوظ ہوئے فائنل میچ کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل کھیل بلوچستان ڈاکٹر یاسر خان بازئی تھے ان کے ہمراہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگزیکٹیو محمد آصف لانگو، پی ایس او ٹو سیکرٹری اسپورٹس محمد صادق بڑیچ، جمال لانگو، عبداللہ رند، مس اختر، محمد ہاشم، ماما منیر، ماما سلطان بڑیچ، کوئٹہ ڈسٹرکٹ فٹسال ایسوسی ایشن اور بلوچستان فٹسال ایسوسی ایشن کے عہدیداران و دیگر موجود تھے فائنل میچ کے اختتام پر مہمان خصوصی نے ٹرافیاں، میڈلز اور شیلڈز دی، فاتح ٹیم کو ٹرافی کیساتھ تین لاکھ روپے جبکہ رنر اپ ٹیم کو ٹرافی کیساتھ ایک لاکھ روپے دیئے گئے، ٹورنامنٹ کے بہترین اسکورر اور بہترین گول کیپر کو پچاس، پچاس ہزار روپے دیئے گئے آخر میں ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر بازئی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹورنامنٹ کا مقصد نوجوانوں کو کھیلوں کے ذریعے مصروف رکھنا ہے اس وقت سردیوں کی چھٹیاں ہیں تو فٹسال کیساتھ ٹیپ بال کرکٹ ٹورنامنٹ بھی منعقد کیا گیا دونوں ٹورنامنٹ میں ہزاروں کی تعداد میں کھلاڑیوں نے شرکت کی میچز کے دوران تماشائیوں نے بھی بھرپور شرکت کی، یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہم ہر سال یہ دن مناتے ہیں تاکہ دنیا کو پیغام دیں کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری عوام کے ساتھ تب تک کھڑی ہے جب تک کشمیر آزاد نہیں ہو جاتا اس دن کی مناسبت سے ہم نے ٹورنامنٹ کا فائنل میچ منعقد کیا انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ کھیل آئندہ بھی مختلف کھیلوں کے ٹورنامنٹس کے انعقاد کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

شیرانی امن اسپورٹس فیسٹیول' آتش کلب ژوب نے ٹائٹل اپنے نام کرلیا

قبائلی عمائدین اور افسران کی موجودگی میں امن، بھائی چارے اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کا پیغام دیا گیا

ژوب (یو این اے) ژوب۔ شیرانی امن اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے سلسلے میں فٹسال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ بی یو آئی ٹی ایم ایس یونیورسٹی ژوب میں کھیلا گیا۔ ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 64 ٹیموں نے شرکت کی۔ فائنل میچ ژوب اسٹارز اور آتش کلب ژوب کے درمیان کھیلا گیا جس میں آتش کلب ژوب نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 کے مقابلے میں 8 گول سے کامیابی حاصل کر کے ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ ٹورنامنٹ کا انعقاد ژوب ملیشیا کی زیر سرپرستی بریگیڈیئر کمانڈر کی خصوصی ہدایات پر کیا گیا۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی لیفٹیننٹ کرنل محمد عرفان اور میجر سعد طارق تھے جنہوں نے فاتح اور رنر اپ ٹیموں میں انعامات تقسیم کیے اور کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہا۔ تقریب میں ژوب اور شیرانی کے قبائلی عمائدین، محکمہ کھیل کے افسران، ڈی پی صدر بلوچستان عبدالمالک، اسپورٹس صدر روزی خان، ایس ڈی او ژوب جہانزیب کاکڑ، قبائلی رہنما عادل مندوخیل، نورگل خروٹی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ مقررین نے اسپورٹس سرگرمیوں کو امن، بھائی چارے اور نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا۔

قومی ہاکی ٹیم پرو ہاکی لیگ میں شرکت کیلئے آسٹریلیا چلی گئی

لاہور (این این آئی) قومی ہاکی ٹیم پرو ہاکی لیگ میں شرکت کیلئے آسٹریلیا چلی گئی ہے۔ قومی ٹیم عماد بٹ کی قیادت میں لاہور سے براستہ بنکاک سڈنی کے لیے روانہ ہوئی۔ پرو ہاکی لیگ کے سلسلہ میں پاکستانی ٹیم آسٹریلیا کے شہر ہوبارٹ میں اپنے میچز کھیلے گی۔ قومی ٹیم کے میچز 10 فروری سے 14 فروری تک شیڈول ہیں، جن میں پاکستان کو جرمنی اور میزبان آسٹریلیا کے خلاف مقابلہ کرنا ہوگا۔ ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے ٹیم پرعزم اور کھلاڑیوں نے بہتر کارکردگی دکھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

آل پاکستان ایچ ای سی انٹرورسٹی بیس بال چیمپئن شپ (آج) اسلام آباد میں شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) آل پاکستان ایچ ای سی انٹرورسٹی بیس بال چیمپئن شپ (آج) بروز ہفتہ پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں شروع ہوگی جس کا افتتاح چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کریں گے جبکہ وائس چانسلر ہیلتھ سروسز اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان، چیئرمین و ڈائریکٹر سپورٹس ڈاکٹر اعجاز اصغر مغل و دیگر مہمانان گرامی بھی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ چیمپئن شپ میں 8 یونیورسٹیوں یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب، یونیورسٹی ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، ہیلتھ سروسز اکیڈمی، پنجاب یونیورسٹی، نمل، کامسیٹس، الحمد اور یونیورسٹی آف لاہور کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم کی بنیاد پر کھیلا جائے گا۔ پہلے راؤنڈ کے میچز پانچ پانچ اننگز اور دوسرے راؤنڈ کے میچز سات سات اننگز پر مشتمل ہوں گے۔

ہم پر پہلے میچز کا دباؤ نہیں، میچز جیتنے کی کوشش کرینگے' کپتان قومی ٹیم

ہماری تیاری بہت اچھی ہے، ہم نے 6 ماہ میں اچھی کرکٹ کھیلی ہے

ہم تینوں میچز جیتتے ہیں تو پھر ہمیں رن ریٹ کی زیادہ ضرورت نہیں ہے' سلمان علی آغا

کولمبو (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ ہم پر پہلے میچز کا دباؤ نہیں ہے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ہم ہر میچ میں اپنا بہترین دینے کی کوشش کریں گے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ ہم سب میچز جیتنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تیاری بہت اچھی ہے، بس اب پلان پر کام کرنا ہے۔ پاکستانی ٹیم کے کپتان نے بتایا کہ ہم نے 6 ماہ میں اچھی کرکٹ کھیلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسم ہمارے کنٹرول میں نہیں ہے ہم اس کا کچھ نہیں کرسکتے، البتہ ہمارے ہاتھ میں پرفارمنس ہے، وہ ہم نے دینی ہے۔ سلمان علی آغا نے بتایا کہ ہم تینوں میچز جیتتے ہیں تو پھر ہمیں رن ریٹ کی زیادہ ضرورت نہیں ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان نے کہا کہ میں تیسرے نمبر پر ہی بیٹنگ کروں گا، نمبر تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

یوم یکجہتی کشمیر ڈے تیراندازی چیمپئن شپ 2026ء

ریڈ ڈریگن آرچری کلب کوئٹہ کی پہلی پوزیشن، پی ایس بی کلب کی دوسری پوزیشن حاصل کی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام کوئٹہ ڈسٹرکٹ آرچری ایسوسی ایشن کے زیر نگرانی 05 فروری یوم یکجہتی کشمیر ڈے تیراندازی چیمپئن شپ 2026 پی ایس بی کوچنگ سنٹر ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ چیمپئن شپ کا افتتاح بلوچستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر مس اختر صاحبہ نے کیا۔ چیمپئن شپ میں ریڈ ڈریگن آرچری کلب کوئٹہ۔ الفریش آرچری کلب کوئٹہ۔ اسلامیہ آرچری کلب کوئٹہ۔ اسمیع آرچری کلب کوئٹہ۔ PSB آرچری کلب کوئٹہ۔ نورزئی آرچری کلب کوئٹہ۔ ہزارہ کلب ہزارہ ٹاؤن کپ کوئٹہ۔ گولڈن فائٹر آرچری کلب کوئٹہ کے 60 سے زائد بوائز اور گرلز کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ چیمپئن شپ میں مختلف کیٹگری کے مقابلے ہوئے۔ 10 میٹر مقابلے بوائز میں شاہ زیب نورزئی ریڈ ڈریگن آرچری کلب کوئٹہ نے پہلی پوزیشن۔ شمیر خان PSB آرچری کلب کوئٹہ نے دوسری جبکہ حنظلہ ساسولی اسلامیہ آرچری کلب کوئٹہ نے تیسری پوزیشن حاصل کیا۔ 18 میٹر مقابلے گرلز میں نادیہ PSB آرچری کلب کوئٹہ نے پہلی پوزیشن۔ اطلانہ ریڈ ڈریگن آرچری کلب کوئٹہ نے دوسری پوزیشن جبکہ منزہ اسلامیہ آرچری کلب کوئٹہ نے تیسری پوزیشن حاصل کرلیا۔ 18 میٹر مقابلے بوائز میں محمد شہزاد نورزئی آرچری کلب کوئٹہ نے پہلی پوزیشن۔ نقیب اللہ اسمیع آرچری کلب کوئٹہ نے دوسری پوزیشن جبکہ جاذب آیان PSB آرچری کلب کوئٹہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ 30 میٹر مقابلے گرلز میں ذکیہ عارف ہزارہ آرچری کلب ہزارہ ٹاؤن کوئٹہ نے پہلی پوزیشن۔ عائشہ بی بی ریڈ ڈریگن آرچری کلب کوئٹہ نے دوسری پوزیشن جبکہ دو راسمین PSB آرچری کلب کوئٹہ نے تیسری پوزیشن حاصل کرلیا۔

ورلڈ کپ میں پاکستان کی جیت کے امکانات روشن ہیں، روی چندرن ایشون

چنئی (آئی این پی) سابق بھارتی سپنر روی چندرن ایشون نے پیش گوئی کی ہے کہ ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان کی جیت کے امکانات روشن ہیں۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ایشون نے کہا پاکستان کی سب سے بڑی طاقت اس کی اوپننگ جوڑی ہے، جس میں صاحبزادہ فرحان اور صائم ایوب شامل ہوں گے جبکہ بابر اعظم مڈل آرڈر میں بیٹنگ کریں گے، صائم ایوب پاور پلے کے دوران جارحانہ بیٹنگ سے حریف بالرز پر دباؤ ڈالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، جو ٹیم کیلئے اہم ثابت ہوسکتی ہے۔ بالنگ کے شعبے پر بات کرتے ہوئے ایشون نے شاہین شاہ آفریدی کی پاور پلے میں کارکردگی کو سراہا اور بتایا کہ ان کا اکانومی ریٹ 6.5 رہا ہے، انہوں نے ابرار احمد اور محمد نواز کو بھی مؤثر بالرز قرار دیا، جن میں نواز کنٹرول کے ساتھ بالنگ کرتے ہیں جبکہ ابرار اپنی منفرد گیندوں کی وجہ سے بیٹنگ لائن اپ کیلئے خطرہ بن سکتے ہیں۔ تاہم ایشون نے پاکستان ٹیم کی کچھ کمزوریوں کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ بابر اعظم کا مڈل آرڈر میں جانا ایک بڑا امتحان ہوگا، جبکہ نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی کی ڈیتھ اوورز میں کارکردگی مکمل طور پر تسلی بخش نہیں رہی۔

اندازہ ہے کہ پاکستان کو ہرانا مشکل ہے، نیدرلینڈز بیٹر میکس اوڈاوڈ

پاکستان کو ہرانا مشکل ہے، ہم نے مضبوط ٹیم کیخلاف اچھا کھیل پیش کرنا ہے، گفتگو

کولمبو (این این آئی) نیدرلینڈز کے بیٹر میکس او ڈاوڈ نے کہا ہے کہ ہمیں اندازہ ہے کہ پاکستان کو ہرانا مشکل ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں پریس کانفرنس میں میکس او ڈاوڈ نے کہا کہ ماضی میں ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں کارکردگی میں اتار چڑھاؤ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے تیاری مکمل ہے اور ہمارے کھلاڑیوں نے سری لنکا کی کنڈیشنز کے لیے مختلف وینیوز پر ٹریننگ کی ہے۔ میچ کے حوالے سے انہوں نے کہا پاکستان مضبوط ٹیم ہے ہمیں اندازہ ہے کہ پاکستان کو ہرانا مشکل ہے اور ہم نے ایک مضبوط ٹیم کے خلاف اچھا کھیل پیش کرنا ہے۔ میکس اوڈاوڈ نے کہا کہ پاکستان نے بھارت کے میچ کا بائیکاٹ کیا ہے، یہ ہمارے کنٹرول میں نہیں ہے اور ہمارا فوکس اپنے کھیل پر ہے کہ ہم نے اچھا کھیلنا ہے۔

مانچسٹر، مانچسٹر سٹی کے مصری اسٹرائیکر عمر مرموش نیو کیسل یونائیٹڈ کے خلاف انگلش لیگ کے سیمی فائنل میں گول کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

NOTICE INVITING TENDER

دانہ واقعات ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے کی مذموم کوشش ہیں۔ سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ قوم کو انصاف ہوتا ہوا نظر آئے۔ انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی اور شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 47 علی مدد جتک

بلوچستان شہداء کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور انہیں کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے شہید کے لواحقین کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔

بقیہ 48 مولانا ہدایت الرحمن

رطبقات زور زبردستی گولی اور آپریشن سے حل کرنا چاہتے ہیں بہت سے آپریشنز کرنے کے بعد اب بھی یہ مسئلہ حل ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ بن گیا ہے نوجوان مایوس اور غم و غصے کا شکار ہیں۔ ظالمانہ اقدامات کی وجہ سے بارڈرز، ریلوے، تجارت، انٹرنیٹ، مین شاہراہیں بند ہیں بلوچستان کے عوام کو سہولیات، حقوق، نوجوانوں کو روزگار، تاجروں کیلئے بارڈرز کھولنے کے بجائے بندوق سے دبانے، آپریشن سے ڈرانے اور ٹارچر کیے جا رہے ہیں۔ جماعت اسلامی نے بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول امن اور ترقی کیلئے ظلم جبر لاقانونیت کے خلاف اسمبلی کے اندر اور باہر ہر جگہ جدوجہد کیا ہے کوئٹہ سے اسلام آباد، بلوچستان کو حقوق دو، لانگ مارچ کیا قومی جرگے آل پارٹیز کی آئندہ بھی ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ اسلام آباد کے طاقتور طبقات کو بلوچستان کے عوام و مسائل اور پریشانیوں سے کوئی سروکار نہیں انہیں بلوچستان کے وسائل معدنیات ریکوڈک سینڈک اور گوادر چاہیے وسائل کی ضرورت اسلام آباد کے حکمرانوں کو ہے مسائل بلوچستان کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔ بلوچستان کے وسائل یہاں کے عوام کی حالت بدلنے پر خرچ کرنے کی ضرورت ہے اگر اسلام آباد کے حکمرانوں مقتدر قوتوں اسٹیبلشمنٹ میں اخلاص ایمانداری و نیک نیتی ہو تو بلوچستان کے وسائل سے بلوچستان کے عوام کیساتھ پورے پاکستان کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اسلام آباد کے حکمرانوں کو بلوچستان میں اشاروں پر چلنے والوں کی ضرورت ہے اسی لیے عوام کے حقیقی نمائندوں کے بجائے فارم 47 والے مسلط کیے گئے ہیں۔

بقیہ 49 داؤد شاہ کاکڑ

تحریک انصاف کے مرکزی، صوبائی، ڈویژن، ڈسٹرکٹس، ونگز اور کارکنان کی 8 فروری کو نکل کر موجودہ نااہل حکمرانوں کے اقتدار کے خاتمے میں آخری کیل ثابت ہوگی یہ بات پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ نے 8 فروری 2026 کو پورے ملک کی طرح بلوچستان میں بھی شٹر ڈاؤن و پہیہ جام ہڑتال کے حوالے سے پارٹی کے جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی کہ 8 فروری کو پوری قوم کاروبار، ٹرانسپورٹ بند کر کے باہر نکل کر تاریخ بدل دیگی اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے صدر زین العابدین خلجی، جنرل سیکرٹری ملک فیصل دہوار، بازمحمد کاکڑ، نجیب اللہ خروٹی، نور خان اچکزئی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کی کال پر 8 فروری کو کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر شہریوں میں بھی پہیہ جام و شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی اس سلسلے میں پارٹی نے ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی دی گئیں ہیں

بقیہ 50 شاہد رند

گروں کا کسی مذہب، انسانیت یا اقدار سے کوئی تعلق نہیں انہوں نے واضح کیا کہ فتنہ خوارج جیسے عناصر درحقیقت پاکستان کے امن، استحکام اور باہمی رواداری کے دشمن ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم اس مشکل گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہے انہوں نے متعلقہ اداروں کی بروقت کارروائی اور ریسکیو عملے کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریاستی ادارے ہر قسم کی دہشت گردی سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں

بقیہ 51 احمد عمرزئی

بلوچ بھائیوں سے مخاطب ہیں اور ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پرنس آف قلات نے کہا کہ جو لوگ اپنے خاندان اور اپنے لوگوں کے ساتھ نہیں بیٹھے، وہ بلوچستان کے مسئلے کا کیا حل نکالیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو افراد بیس سال سے ملک سے باہر بیٹھے ہیں اور یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ وہ مسائل کا حل نکالیں گے، یہ ان کی خام خیالی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان قطعاً کمزور ملک نہیں اور یہاں لوگ خوشی سے رہ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں پشتون، ہزارہ اور بلوچ سب ایک ساتھ بھائی چارے کے ساتھ رہ رہے ہیں۔ سینیٹر احمد عمرزئی نے کہا کہ جس طرح کچھ لوگ اپنے لوگوں کو چھوڑ کر چلے گئے، وہ کبھی ایسا نہیں کریں گے۔ انہوں نے بیرون ملک بیٹھ کر غیر ملکی عناصر کے ایما پر پاکستان کے خلاف بات کرنے والوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پہلے اپنے لوگوں میں واپس آئیں، پھر بات کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک دشمن طاقتیں پاکستان کا مقابلہ نہیں کر سکتیں

بقیہ 52 بی اے پی

میں افراتفری پھیلانا چاہتے ہیں، تاہم قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے اور ایسے بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے انہوں نے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں بلوچستان عوامی پارٹی غمزدہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 53 امیر حمزہ زہری

جائے گم ہے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ وہ شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف مزید مؤثر اور سخت اقدامات کیے جائیں تاکہ معصوم شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ نہیں کر سکتے کیونکہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے۔

بقیہ 54 اویس لغاری

اسی صورت ممکن ہیں جب ڈیٹا میں شفافیت موجود ہو۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ توانائی کے شعبے سے متعلق معلومات کی آسان اور بروقت فراہمی سے نہ صرف احتساب کے عمل کو تقویت ملے گی بلکہ عوام کا اعتماد بھی مستحکم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے ذریعے قیاس آرائیوں، غلط معلومات اور پاور سیکٹر سے متعلق بالکل یا غیر مستند اعداد و شمار پر مبنی خبروں کی حوصلہ شکنی ممکن ہو سکے گی۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے شفافیت اور باخبر فیصلہ سازی کے حوالے سے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ توانائی کے شعبے کے ڈیٹا تک وسیع تر رسائی، تحقیق، جدت اور طویل المدتی منصوبہ بندی کے عمل کو مزید مؤثر بنائے گی۔

بقیہ 55 مروت

شعبہ ایسا نہیں جو عمران خان کی بہنوں کی مداخلت سے بچا ہو، علیمہ خانم سے میرا کیا اختلاف ہو سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ہمیشہ اپنا موقف دیتا تھا جو ان تمام سے ہٹ کر ہوتا تھا، مجھے جو بھی سچ لگتا تھا وہ میں بانی پی ٹی آئی کو کہتا تھا، ان سے ملاقات کیلئے جب اڈیالہ جیل جاتا تھا تو پارٹی کے جاسوس میرے آس پاس ہوتے تھے۔ شیر افضل مروت نے مشورہ دیا کہ عمران خان کی بہنوں کو وہ بات کرنی چاہیے جس سے پارٹی کو فائدہ ہو، بہنوں کی سیاست نہ ہوتی تو نومبر 2024 تک بانی کو میں رہا کروا چکا ہوتا، علیمہ خانم کا سب سے بڑا نشانہ تو بیرسٹر گوہر ہیں۔ 8 فروری کی ہڑتال کے بارے میں شیر افضل مروت نے کہا کہ ایک دن رہ گیا اور اب مشعل بردار ریلی کا اعلان کر رہے ہیں، پارٹی نے اچھا فیصلہ کیا ہے کیونکہ شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام سے پتہ نہیں چلنا تھا، مجھے احتجاج کی کامیابی کی کوئی امید نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں مشعل بردار ریلی بڑی ہو سکتی ہے باقی شہروں میں بھی ہوں، حکومت کو 8 فروری کے احتجاج سے کوئی بھی نقصان نہیں ہوگا، حکومت کو چاہیے اس دن بسنت پر پتنگ کی ڈور سے بچاؤ کے اقدامات کرے۔

بقیہ 56 سے ملاقاتیں

نقوی نے اس موقع پر کہا کہ متحدہ عرب امارات کے جدید پولیسنگ نظام سے عملی استفادہ کیلئے ایکسچینج پروگرام نہایت مفید ثابت ہو سکتے ہیں جبکہ دونوں ممالک کے وزرائے داخلہ کے درمیان آن لائن دہشت گردی اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اسی دوران وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی روانڈا کے وزیر داخلہ ڈاکٹر وسنت بیروتا سے ملاقات میں دو طرفہ تعلقات، سکیورٹی تعاون اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں وزرائے داخلہ نے اشتراک کار کو فروغ دینے اور وزارت داخلہ کے مابین کوآرڈینیشن بہتر بنانے کے لیے فوکل پرسن مقرر کرنے کا فیصلہ بھی کیا۔ اس موقع پر روانڈا کے وزیر داخلہ ڈاکٹر وسنت بیروتا نے کہا کہ روانڈا پاکستان کے اداروں کے ساتھ اشتراک کار بڑھانے کا خواہاں ہے جبکہ چیئرمین سی ڈی اے محسن نقوی نے اے سی سی کے ہیڈ کوارٹر کا بھی دورہ کیا اور ادارے کے امور سے متعلق بریفنگ حاصل کی۔

بقیہ 57 مولانا عبدالواسع

یوں کو نشانہ بنانا کسی بھی مذہب، تہذیب یا اخلاقی ضابطے میں جائز نہیں۔ ایسے واقعات کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور قومی یکجہتی کو کمزور کرنا ہے، جسے ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے اس سانحے کی شفاف، غیر جانبدار اور فوری تحقیقات یقینی بنائیں، ذمہ دار عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ مولانا عبدالواسع نے اس امر پر زور دیا کہ محض بیانات نہیں بلکہ عملی اقدامات ہی عوام کے اعتماد کی بحالی کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ انہوں نے پوری قوم سے اپیل کی کہ وہ اختلافات سے بالاتر ہو کر امن، برداشت اور قانون کی بالادستی کے لیے متحد ہو، اور ایسے مذموم عزائم رکھنے والوں کے خلاف اجتماعی عزم کے ساتھ کھڑے ہوں۔ جمعیت علماء اسلام ہر سطح پر امن، استحکام اور آئینی بالادستی کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 58 آسان اور شفاف

مابین دو طرفہ سرمایہ کاری اور تجارتی تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور سعودی سرمایہ کاروں کے لیے بلوچستان کے مختلف شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے وسیع امکانات کا جامع جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران توانائی، معدنیات وکان کنی، زراعت، لائیو اسٹاک، انفراسٹرکچر، ماہی گیری اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں کو سرمایہ کاری کے لیے انتہائی موزوں قرار دیا گیا جبکہ سعودی وفد نے بھی ان شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور یہاں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے بے پناہ مواقع موجود ہیں، جہاں سعودی سرمایہ کاروں کو مکمل سہولیات، ون ونڈو آپریشن، مؤثر ادارہ جاتی تعاون اور ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان حکومت سرمایہ کار دوست پالیسیوں کے ذریعے غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جس سے سرمایہ کاری کا عمل نہ صرف آسان اور شفاف ہو رہا ہے

بقیہ 59 مشینری تعینات

کے مطابق حالیہ دہشت گردانہ واقعے کے باعث کوئٹہ تا نوشکی شاہراہ مختلف مقامات پر ملبے اور رکاوٹوں کے سبب متاثر ہوئی تھی، جس کے نتیجے میں ٹریفک کی روانی میں خلل پیدا ہوا۔ پی ڈی ایم اے کی بھاری مشینری نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متاثرہ حصوں سے ملبہ اور رکاوٹیں ہٹا کر شاہراہ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بحال کر دیا۔ بحالی کے عمل کے دوران متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ رکھا گیا جبکہ سڑک کی بحالی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات بلاتعطل جاری رکھے گئے۔

بقیہ 60 میر شعیب نوشیروانی

کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے۔ انہوں نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے صوبائی وزیر خزانہ نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ میر شعیب نوشیروانی کا کہنا تھا کہ دہشت گرد عناصر ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، مگر پوری قوم متحد ہے اور قومی اتحاد و اتفاق کے ذریعے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کی ہر شکل قابل مذمت ہے اور ریاست ایسے عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی۔

بقیہ 61 محمد عبدالقادر

ے میں نفسیاتی خوف و ہراس پھیلانے اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کی گھناؤنی سازش ہے۔ ایسے اقدامات پاکستان کے امن، رواداری اور سماجی ہم آہنگی پر براہ راست حملہ ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ انسانوں کا خون بہا کر معاشرے میں تقسیم، اشتعال اور عدم استحکام پیدا کرنا باطل قوتوں کا پرانا ہتھکنڈا ہے، جبکہ حق کا راستہ صبر، اتحاد، برداشت اور اخلاقی بصیرت کا متقاضی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عبادت گاہوں کے تحفظ کے لیے سکیورٹی کے مؤثر اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں

بقیہ 62 کمشنر کوئٹہ ڈویژن

ے گئے اعتراضات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ کمشنر نے مقامی لوگوں کے تحفظات اور اعتراضات کو بھی تفصیل سے سنا کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے ماری گیس کمپنی سے متعلق شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ہدایت کی کہ مسائل کے حل کیلئے متعلقہ علاقے کی موجودہ اسٹیلمینٹ کو منسوخ کر کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کوئٹہ کی نگرانی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے۔ کمیٹی میں ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ کے افسران، تحصیلدار، پٹواری اور اسٹیلمینٹ آفس کے ماہر افسران شامل ہوں گے جو علاقے کا دوبارہ معائنہ کر کے نئی اسٹیلمینٹ تیار کریں گے

بقیہ 63 پی کے میپ

، زمینداروں، وکلاء، انجینئرز، ڈاکٹرز زندگی کے تمام مکتبہ کے عوام ہڑتال کو کامیاب بنا کر مسلط نام نہاد حکومت کے خلاف گھروں، دکانوں، دفتروں پر سیاہ جھنڈے لہرائیں۔ ان خیالات کا اظہار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی سینئر نائب صدر سید شراف آغا، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی ایگزیکٹو کاکڑ، اقبال بٹے زئی، حفیظ ترین، ضلع سینئر معاون سیکرٹری جمشید دوتانی، تحصیل صدر سیکرٹری نعیم پیر علیزئی، سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی، سریاب تحصیل سینئر معاون سیکرٹری سید عبدالخالق آغا و دیگر ضلعی اور تحصیل رہنماؤں نے 8 فروری کے ہڑتال کی کامیابی کے سلسلے میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی تحصیل سریاب کمیٹی اور صدر تحصیل سے مربوط علاقائی یونٹوں کے مشترکہ اجلاسوں اور ترین شار علاقائی کمیٹی اجلاس سے علیحدہ علیحدہ خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تحصیل صدر سے مربوط 11 علاقائی یونٹ کے مشترکہ اجلاس کی صدارت عبدالرؤف لالا نے کی۔

بقیہ 64 بازپرس کی جائے

پرنس ہیلتھ معین الدین قریشی کی جانب سے زخمی بچے کی عیادت کے موقع پر کاغذی کارروائی پر اور بچے کے سول ہسپتال میں آپریشن کے باوجود گولی نہ نکالنے پر ڈاکٹروں سے باز پرس تحریف کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹروں کو چاہیے کہ وہ مریض کے آپریشن کرتے وقت اپنے ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے غفلت نہیں کرنا چاہیے اور ڈاکٹر کے معمولی غفلت سے انسانی جان کی ضیاع بڑی جرم ہے اور محمد سلمان کے آپریشن کے بعد بتایا گیا کہ گولی نکال دیا جبکہ بعد محمد سلمان چلنے میں دقت کے بعد معلوم ہوا کہ گولی نہیں نکالا گیا اور گولی موجود ہے۔ جس کے اطلاع وزیر صحت کو دیا گیا جس نے بچے کو کراچی مزید علاج کیلئے ریفر کر دیا

بقیہ 65 منصب کی ملاقات

ایوان صدر کے میڈیا ونگ کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو یہاں جمہوریہ ازبکستان کے صدر شوکت مرزائیوف سے ایوان صدر میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ صدر شوکت مرزائیوف کا خیر مقدم کرتے ہوئے صدر آصف علی زرداری نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ دورہ نتیجہ خیز اور مستقبل کی جانب پیش قدمی کا باعث بنے گا۔ انہوں نے صدر شوکت مرزائیوف کو ایک دور اندیش رہنما قرار دیا جن کی قیادت میں ازبکستان ایک جدید اور خوشحال ملک کے طور پر ابھرا ہے اور جن کی خدمات کو علاقائی و بین الاقوامی امن کے فروغ میں وسیع پیمانے پر سراہا جاتا ہے۔ انہوں نے پاکستان اور ازبکستان کو قریب لانے میں صدر مرزائیوف کے ذاتی کردار کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان فطری شراکت دار ہیں جن کے مستقبل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے دو طرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تجارت، روابط، دفاع، سلامتی، ثقافت اور ورثے کے شعبوں میں تعاون کے مزید فروغ کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ صدر مملکت نے دونوں ممالک کے درمیان براہ راست فضائی روابط کو عوام کو قریب لانے کا ذریعہ قرار دیا

بقیہ 66 جمعیت نظریاتی

بھر میں ناقص بدامنی کے ابتر صورتحال گزشتہ دنوں کوئٹہ کے واقعات میں بڑی تعداد میں قیمتی جانوں کے بعد اسلام آباد جو ملک کا دارالخلافہ ہے میں افسوسناک سانحہ سینکڑوں افراد کے لقمہ اجل واقعہ نے حکومتی امن رٹ بحالی کے متعلق دعوؤں کی قلعی کھول کر رکھ دیا ہے جمعیت علماء اسلام نظریاتی ملک بھر میں بگڑتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتی ہے اور مقتدر قوتوں صدر، وزیر اعظم، اپوزیشن لیڈر سمیت تمام مذہبی سیاسی علاقائی جماعتوں کے مشترکہ آل پارٹیز قومی کانفرنس بلانے کی اپیل کرتا ہے جس کا ایجنڈا صرف ملک کو ان ابتر حالات سے نکالنا اور امن کی بحالی ہونا چاہیے اب سیاسی رقابتوں کو چھوڑ کر ملک کی سالمیت کیلئے ایک ہونا ہے ملک تو سب ہونگے اللہ کریں ملک خطرات سے دوچار ہو تو کچھ نہیں سب کو ملک کیلئے سوچنا ہوگا یہ ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اور اس کی حفاظت ہم سب کا فرض و ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ دوسری جانب امریکہ یہود و ہنود اس خطے کی امن تباہ کرنے کے لیے خطرناک کھیل کھیل رہے ہیں آج بھی کفری دنیا اس ملک کو دنیا کے نقشے پر دیکھنا نہیں چاہتے کہ متحد ہوئے تو ایک کو اس کی تباہ کو جھیلنا پڑے گا۔ خطے میں بدامنی اور عدم استحکام سے امریکہ اپنی دھونس اور اجارہ داری قائم کرنا چاہتی ہے انہوں نے کہا کہ امریکی جارحیت اور فساد سے دنیا کے کونے کونے میں امت مسلمہ جبر و تشدد کے نشانہ پر ہے دنیا کی آنے کونے میں امت مسلمہ بے بسی، اذیت ناک، انسانیت سوز مظالم کا سامنا کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ خطے میں جاری شورش بدامنی خون کی ہولی فساد امریکی جارحیت کا تسلسل ہے

بلوچستان کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، سعودی سرمایہ کار

صوبے میں سعودی سرمایہ کاروں کو مکمل سہولیات، ون ونڈو آپریشن، موثر ادارہ جاتی تعاون اور ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے

سعودی سرمایہ کاروں نے توانائی، معدنیات و کان کنی، انفراسٹرکچر، ماہی گیری اور آئی ٹی کے شعبوں کو سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے

کوئٹہ (خ ن) سعودی عرب کے سرمایہ کاروں نے بلوچستان میں توانائی، معدنیات و کان کنی، زراعت، لائیو اسٹاک، انفراسٹرکچر، ماہی گیری اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں کو سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے، تفصیلات کے مطابق پاکستان سعودی بزنس کونسل کے چیئرمین پرنس منصور بن محمد السعود اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت بلوچستان میں سعودی عرب کی کمپنیوں کی جانب سے سرمایہ کاری کے مواقع کی تلاش سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی: 3 کلو سے زائد منشیات برآمد، ملزمان گرفتار

لورالائی (خ ن) سی آئی اے لورالائی نے ضلع کے مختلف علاقوں میں دو الگ الگ کارروائیاں کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر 3800 گرام چرس برآمد کر لی۔ یہ کارروائیاں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی ریجن جنید احمد شیخ کے احکامات اور ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر عثمان کی ہدایات پر عمل میں لائی گئیں۔ ایس ڈی پی او کریم مندوخیل کی زیر نگرانی سی آئی اے انچارج لورالائی سب انسپکٹر محمد انور جلالزئی کی سربراہی میں سی آئی اے ٹیم نے کامیاب کارروائیاں کیں۔ پہلی کارروائی میں عبدالکریم ولد صدرالدین کے قبضے سے 2 کلوگرام چرس جبکہ دوسری کارروائی میں شریف شاہ ولد سید جمال شاہ کے قبضے سے 1800 گرام چرس برآمد کی گئی۔

کوئٹہ - نوشکی شاہراہ پر بحالی اقدامات کے تحت بھاری مشینری تعینات

حالیہ دہشت گردانہ واقعے میں شاہراہ کو مختلف مقامات پر ملبے اور رکاوٹوں سے بندش، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی خصوصی ہدایات پر ڈائریکٹر جنرل صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان جہانزیب خان غور یزئی نے کوئٹہ تا نوشکی قومی شاہراہ (N-40) پر بحالی کے اقدامات کے تحت پی ڈی ایم اے کی بھاری مشینری تعینات کر دی۔ پی ڈی ایم اے .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

عطا تارڑ کی کے پی کے عوام کو بسنت منانے کی دعوت

لاہور (بیورو رپورٹ) بسنت فیور نے سب کو اپنی گرفت میں لے لیا، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ بھی پتنگ بازی کے شوقین نکلے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے بسنت پر اندرون لاہور جا کر خود بھی پتنگ اڑانے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کے پی کے عوام کو بھی لاہور میں بسنت منانے کی دعوت دے دی ہے۔ عطا تارڑ نے گفتگو میں کہا کہ سرکاری مصروفیات ختم ہوگئی ہیں ابھی لاہور روانہ ہو رہا ہوں، لاہور میں میلے کا سماں ہے، پورے شہر کو سجایا گیا ہے، لاہور میں بسنت پرانی یادوں کو تازہ کر رہی ہے۔

دہشت گردی کی ہر شکل قابل مذمت ہے، میر شعیب نوشیروانی

قومی اتحاد و اتفاق کے ذریعے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں امام بارگاہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نماز جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

چاندی کی قیمتوں میں اچانک کمی، بکلوں کے حساب خریدنے والے کنگال ہوگئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی منڈی میں چاندی کی قیمتوں میں اچانک بھاری کمی نے سرمایہ کاروں اور تاجروں کو تشویش میں مبتلا کر دیا۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق ہفتے کے آغاز میں چاندی کی قیمت میں غیر معمولی تیزی دیکھنے میں آئی جو بڑھ کر تقریباً 90 ڈالر فی اونس تک جا پہنچی تھی۔ قیمتوں میں اضافے کے باعث بڑی تعداد میں سرمایہ کاروں نے چاندی کو محفوظ سرمایہ کاری سمجھتے ہوئے خریداری کی، تاہم صرف چند ہی دنوں میں صورتحال یکسر تبدیل ہوگئی اور چاندی کی قیمت گر کر 65.67 ڈالر فی اونس تک آ گئی۔

عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا فرقہ واریت پھیلانے کی سازش ہے، محمد عبدالقادر

ایسے اقدامات پاکستان کے امن، رواداری اور سماجی ہم آہنگی پر براہ راست حملہ ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار اور بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر محمد عبدالقادر نے اسلام آباد میں امام بارگاہ پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عبادت گاہوں کو نشانہ بنانا محض دہشت گردی کا عمل نہیں بلکہ یہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت فرقہ وارانہ خلیج کو ہوا دینے، معاشرہ .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سیکرٹری خزانہ عمران جان جعفر کے ہمراہ بلوچستان سول سروس اسٹاف ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا گروپ فوٹو

متنازعہ سیٹلمنٹ کو منسوخ کر کے نئی تیار کی جائے، کمشنر کوئٹہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کوئٹہ کی نگرانی میں ایک ہمہ شمول کمیٹی تشکیل دی جائے جو اعتراضات کا ازالہ کرتے ہوئے منصفانہ سیٹلمنٹ کو یقینی بنائے

پشین میں اعتراض کنندگان تحصیلدار کے ہمراہ معاملے کا از سر نو جائزہ لیں اگر معاملہ حل نہیں ہوتا تو ایس ایم بی آر کو ڈی نوٹیفکیشن کیلئے ارسال کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ماری گیس کمپنی کی صورتحال اور محل چشمہ عیسیٰ و محل کاریز میر افضل، موضع ژڑک، ہیڈ صدر، سرخاب، تحصیل و ضلع پشین کی کبدانی تحصیلدار، ایس ایم بی آر آفس کے افسران اور متعلقہ علاقوں کے نمائندگان نے شرکت کی اور سیٹلمنٹ سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ آغا سمیع اللہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ، ایڈیشنل کمشنر (ریونیو) اجلاس کے دوران کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو سیٹلمنٹ اور اس پر اٹھا .... بہادر خان کاکڑ، اسسٹنٹ آفیسر صادق .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: تحریک انصاف بلوچستان کے صدر داؤد شاہ کاکڑ 8 فروری کے حوالے پارٹی کے جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کے مینڈیٹ کی واپسی کیلئے 8 فروری کو تاریخ ساز احتجاج ہوگا، پشتونخوا میپ

تمام جمہوریت پسند، غیور و باشعور اور عوام اپنے حق کیلئے ہڑتال کی کامیابی میں اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کریں، ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا

تمام تاجر، ٹرانسپورٹرز، زمینداروں، وکلاء، انجینئرز، ڈاکٹرز، جعلی حکومت کیخلاف گھروں، دکانوں، دفتروں پر سیاہ جھنڈے لہرائیں، عبدالرحیم زیارتوال

کوئٹہ (پ ر) آئین کی بالادستی، جمہوری کی حکمرانی، عمران خان اور تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی، عوام کے مینڈیٹ کی واپسی، پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنانے، قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی جمہوری فیڈریشن، مسلط نام نہاد حکومت اور جعلی پارلیمنٹ سے غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری ترامیم و قوانین کو مسترد کرنے کے لیے تحریک تحفظ آئین پاکستان کی جانب سے 8 فروری 2026 کو ملک گیر احتجاج میں صوبے کے تمام جمہوریت پسند، غیور و باشعور اور عوام ہڑتال کی کامیابی میں اپنا مثبت و تعمیری کردار ادا کرے اور تمام تاجر، ٹرانسپورٹرز .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

نمازیوں کو نشانہ بنانا بربریت ہے، حاجی نور محمد خان دمڑ

کوئٹہ (اے این این) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امام بارگاہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا، انہوں نے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وہ شہداء کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں انہوں نے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

محمد سلمان کے علاج میں غفلت اور غلط بیانی پر ڈاکٹرز سے باز پرس کی جائے

تعاون کرنے پر صوبائی وزیر صحت اور انچارج ٹراما سینٹر زین الدین قریشی کے مشکور ہیں، قاری مہراللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر قاری مہراللہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی جانب سے گزشتہ روز مولوی رحمت اللہ حقانی کے صاحبزادہ محمد سلمان کے جو بوسہ منڈی میں مسلح افراد کے حملے کے دوران مدرسہ سے گھر جاتے سر میں گولی لگنے سے زخمی ہوا تھا مزید علاج کیلئے کراچی ریفر کرنے پر شکریہ ادا کیا اور کہا .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی میں میڈیا اور ریئل اسٹیٹ سے متعلق اہم بلز منظور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی نے میڈیا اور ریئل اسٹیٹ سے متعلق بلز منظور کر لیے گئے، تاہم کورم پورا نہ ہونے کے سبب اجلاس پیر تک ملتوی کر دیا گیا۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں شروع ہوا، جس میں مختلف اہم قانون سازی کے مراحل مکمل کیے گئے۔ اجلاس کے دوران سینیٹر آف ایکسیلنس ترمیمی بل 2026 قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا، جبکہ فیڈرل گورنمنٹ ریئل اسٹیٹ ریگولیٹری اتھارٹی بل 2026 بھی ایوان میں پیش کیا گیا۔ دونوں حکومتی بل وزیر مملکت وجیہہ قمر نے ایوان میں پیش کیے

مریم نواز کا بسنت کی تمام سرگرمیاں منسوخ کرنے کا اعلان

شہدائے ترلائی سے اظہار یکجہتی، لبرٹی چوک کا میگا شو اور کابینہ کا بسنت پروگرام کینسل

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اسلام آباد میں ہونے والے سانحے کے بعد اپنے اور کابینہ کے بسنت سے متعلق تمام پروگراموں کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں کہا کہ وہ کل کے لئے طے شدہ تمام بسنت کی سرگرمیاں منسوخ کر رہی ہیں، جن میں آزادی چوک میں ہونے والا بڑا بسنت شو بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ، مریم نواز نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کی قوم کو دہشت گردوں اور ان کے حمایتیوں کے خلاف متحد رہنے کی ضرورت ہے۔

صدر زرداری سے ازبک ہم منصب کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پرعزم ہیں، آصف زرداری

صدر مملکت نے شوکت مرزایوف کو نشان پاکستان کے اعزاز سے نوازا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان ازبکستان کے ساتھ اپنے قریبی اور برادرانہ تعلقات کو غیر معمولی اہمیت دیتا ہے اور اس شراکت داری کو فطری اور پائیدار تعلقات کے طور پر دیکھتا ہے جس کی جڑیں مشترکہ تاریخ، ثقافت اور عقیدے سے وابستہ ہیں، پاکستان ازبکستان سے روابط، تجارت اور عوامی سطح پر روابط کے شعبوں میں قریبی تعاون کے ذریعے دو طرفہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پرعزم ہے۔ .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پاک سعودی بزنس کونسل کے چیئرمین پرنس منصور بن محمد السعود اور بلال خان کاکڑ سرمایہ کاری سے متعلق مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد دھماکے نے قیام امن کے حکومتی دعوؤں کی قلعی کھول دی، جمعیت نظریاتی

امریکہ، یہود و ہنود اس خطے کے امن کو تباہ کرنے کیلئے خطرناک کھیل کھیل رہے ہیں، کفری قوتیں اس ملک کو دنیا کے نقشے پر نہیں دیکھنا چاہتیں

اسلام آباد دھماکے میں انسانی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے، ملک بھر میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر تشویش ہے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مالیات صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمٰن کلیال صوبائی امیر پنجاب مولانا شاہ اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی و دیگر نے اسلام آباد دھماکے میں بہت بڑی تعداد میں انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

چیک باؤنس کیس، راج پال یادیو نے گرفتاری دیدی

کامیڈی اداکار تصفیہ کی رقم کی ادا نہ کرنے پر مشکل میں پھنس گئے

دہلی (م ز) بالی ووڈ اداکار راج پال یادیو نے چیک باؤنس کیس میں خود کو پولیس کے حوالے کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کامیڈی اداکار چیک باؤنس کیس میں تصفیہ کی رقم کی ادائیگی نہ کرنے پر مشکل میں پھنس گئے۔ نئی دہلی ہائیکورٹ نے راج پال یادیو کے خلاف چیک واپس آنے کے متعدد مقدمات میں دی گئی نرمی واپس لیتے ہوئے اداکار کو ہدا .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

عبادت گاہ کو نشانہ بنانا غیر انسانی اور قابل مذمت فعل ہے، جمال شاہ کاکڑ

عبادت میں مشغول بے گناہ شہریوں کا قتل انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں ہونے والے دہشت گرد دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ عبادت گاہ میں نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ، غیر انسانی اور قابل نفرت فعل ہے۔ .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

8 فروری 2024 کو دھاندلی کی بدترین مثال قائم کی گئی، پی کے میپ

جعلی حکومت کے کالے کرتوتوں کے باعث آئینی آزادی مکمل پامال ہو چکی ہے

8 فروری 2026 کو فارم 47 کی حکومت سے نجات کیلئے احتجاج کیا جائے گا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی اپیل پر 8 فروری 2026 کو ملک بھر میں پہیہ جام شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ تحریک تحفظ .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں گندم کی دستیابی اور شفاف تقسیم یقینی بنائینگے، نور محمد دمڑ

گندم کے ذخائر، ان کے معیار اور فروخت کے نرخوں کے تعین میں شفافیت، مارکیٹ کی زمینی حقیقت اور عوامی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا گیا ہے

گندم کے نرخوں کا تعین مکمل طور پر تحریری مارکیٹ آفرز کی بنیاد پر کیا گیا ہے جس میں کسی قسم کی ذاتی پسند یدگی، غیر شفافیت یا سفارش شامل نہیں ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان میں گندم کی دستیابی، شفاف تقسیم اور سرکاری وسائل کے تحفظ کو انتہائی سنجیدگی، بھرپور ذمہ داری اور مضبوط حکمت عملی کے تحت یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ گندم کے ذخائر، ان کے معیار اور فروخت کے نرخوں کے تعین میں شفافیت، مارکیٹ کی زمینی حقیقت اور عوامی مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا گیا ہے یہ بات انہوں نے ژوب میں ذخیرہ شدہ گندم کی صورتحال، فروخت کی قیمتوں پر نظر ثانی اور محکمانہ کارکردگی سے متعلق دی گئی .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی: اشتہاری سمیت تین ملزمان گرفتار

لورالائی (خ ن) لورالائی پولیس نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں مطلوب ایک اشتہاری سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ یہ کارروائیاں انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر خان کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی ریجن جنید احمد شیخ کے احکامات اور ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر عثمان کی نگرانی میں عمل میں لائی گئیں۔ ایس ڈی پی او کریم مندوخیل کی زیر نگرانی اور ایس ایچ او پولیس اسٹیشن سٹی سردار عبدالعلیم کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے مختلف مقامات پر چھاپے مار کر مطلوب ملزمان کو گرفتار کیا۔ گرفتار ہونے والوں میں لشکر خان ولد عطا محمد، جو مقدمہ نمبر 15/21 جرم قتل سمیت دیگر دفعات میں مطلوب اشتہاری تھا، جبکہ حکیم ولد دولت خان اور قیمت خان ولد گاگان مختلف مقدمات میں مطلوب مفرور ملزمان شامل ہیں۔

8 فروری 2024 پاکستانی تاریخ کے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک تھا، پی کے نیپ

اس دن کامیاب شدہ امیدواروں کا مینڈیٹ چھیننے کیلئے کھلی اور شرمناک انتخابی دھاندلی کی گئی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 8 فروری 2024 کے عام انتخابات میں مقتدرہ کی استعماری منصوبہ بندی کے تحت 25 کروڑ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے کے ملک دشمن اور عوام دشمن اقدام کی پارٹی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے، اور 8 فروری کو پاکستان کی 78 سالہ تاریخ کا بدترین سیاہ دن قرار دیتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے لیے .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

عوام سے براہ راست رابطہ موثر حکمرانی کی بنیاد ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

حکومت بارکھان سمیت صوبے کی متوازن ترقی کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے اپنے آبائی گاؤں حاجی کوٹ میں مختلف قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات، سیاسی نمائندوں اور عوامی وفود سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ضلع بارکھان کو درپیش ترقیاتی، سماجی اور بنیادی نوعیت کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے صوبائی وزیر کو صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی، انفراسٹرکچر، مواصلاتی نظام اور روزگار کے مواقع سے متعلق درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے عوامی نمائندگی کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہو .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

عبادت کے دوران شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت سوز ہے، نواب ثناء اللہ زہری

ایسے عناصر کا کسی مذہب یا قومیت سے کوئی تعلق نہیں، یہ محض دہشت گرد ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امام بارگاہ خدیجۃ الکبریٰ میں ہونے والے بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ نماز جمعہ اور عبادت کے دوران معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف بدترین جرم ہے ایسے عناصر کا کسی مذہب یا قومیت سے کوئی تعلق نہیں، یہ محض دہشت گرد .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد دھماکہ ملکی امن کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش ہے، میر سلیم کھوسہ

دہشت گردوں کا کوئی دین، مذہب یا انسانیت سے تعلق نہیں ہوتا، صوبائی وزیر مواصلات

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے اسلام آباد میں ہونے والے دھماکے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ قومی سلامتی، امن اور استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی دین، مذہب یا انسانیت نہیں ہوتی، اور ایسے عناصر معاشرے کے دشمن ہیں۔ میر سلیم کھوسہ نے اپنے بیان میں کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا بدترین بربریت ہے، جس کا مقصد ملک میں خوف و ہراس پھیلانا ہے، تاہم پاکستانی قوم اور ریاست اس طرح کے ہتھکنڈوں .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

امام بارگاہ میں نمازیوں کا خون بہانا درندگی اور دہشتگردی ہے، حافظ حمد اللہ

اسلام آباد میں دھماکہ حکومت اور سیکورٹی فورسز کی چہرے پر ناکامی کا ایک طمانچہ ہے

کوئٹہ (آئی این پی) مرکزی رہنما جمعیت علمائے اسلام مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ بے گناہ اور نہتے شہریوں کا خون بہانا وہ بھی امام بارگاہ میں نماز کے وقت، انسانیت دشمنی کے ساتھ ساتھ ملک دشمنی، درندگی اور دہشتگردی ہے۔ اپنے بیان میں مولانا حافظ حمد اللہ نے اسلام آباد امام بارگاہ میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ اور نہتے شہریوں کا خون بہانا کی اسلام دیتا ہے نہ دنیا کا کوئی قانون۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

باہر بیٹھے لوگ بلوچستان کی خیر خواہی کا ڈھونگ نہ رچائیں، احمد عمر زئی

جو لوگ اپنے خاندان کے ساتھ نہیں بیٹھے، وہ بلوچستان کے مسئلے کا کیا حل نکالیں گے

کوئٹہ (آئی این پی) پرنس آف قلات سینیٹر احمد عمر زئی نے بلوچستان کے معاملات پر بیرون ملک بیٹھ کر پروپیگنڈا کرنے والوں کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انہیں واضح پیغام دیا ہے کہ وہ زمینی حقائق کو سمجھے بغیر مسائل کا حل پیش نہیں کر سکتے۔ سینیٹر احمد عمر زئی کا یہ بیان مفرور سلمان داؤد احمد زئی کے ایک حالیہ بیان کے ردعمل میں سامنے آیا۔ سرکاری ٹی وی کے مطابق انہوں نے قلات خاندان کے نمائندے کی حیثیت سے اپنے خطاب میں کہا کہ وہ اپنے غیور .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بدامنی کے پیروکار پاکستان میں افراتفری پھیلانا چاہتے ہیں، بی اے پی

معصوم اور نہتے نمازیوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان نے اسلام آباد میں نماز جمعہ کے دوران امام بارگاہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے امن قرار دیا ہے اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں بی اے پی کے مرکزی ترجمان نے کہا کہ معصوم اور نہتے افراد کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے بدامنی اور بے امنی کے پیروکار پاکستان .... امان کی صورتحال خراب کرنے کی ناکام سازش .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

معصوم نمازیوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی ہے، امیر حمزہ زہری

شہدا کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور زخمیوں کی صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امام بارگاہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اپنے مذمتی بیان میں نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

توانائی شعبے سے متعلق ڈیٹا تک عوامی رسائی یقینی بنائی جائے، اویس لغاری

درست اور قابل اعتماد معلومات تک کھلی رسائی سے پاور سیکٹر کی بہتری میں مدد ملے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے شفافیت کے فروغ اور باخبر پالیسی سازی کو یقینی بنانے کیلئے فیڈرل گورنمنٹ کے ڈیٹا کو عوام اور جامع ڈیٹا کو عوام، محققین، توانائی ماہرین اور طلبہ کے لیے قابل رسائی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ درست اور قابل اعتماد معلومات تک کھلی رسائی سے متعلقہ فریقین کو پاور سیکٹر کی بہتری کے لیے تعمیری اور بامعنی تجاویز پیش کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ شواہد پر مبنی مکالمہ اور موثر اصلاحات .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بہنوں کی سیاست نہ ہوتی تو بانی رہا کروا چکا ہوتا، شیر افضل مروت

مجھے پی ٹی آئی کے احتجاج کی کامیابی کی کوئی امید نہیں ہے، رکن قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے دعویٰ کیا ہے کہ اگر عمران خان کی بہنوں کی سیاست نہ ہوتی تو میں بانی پی ٹی آئی کو نومبر 2024 تک رہا کروا چکا ہوتا۔ ایک انٹرویو میں شیر افضل مروت نے کہا کہ عمران خان کی بہنوں اور بشریٰ بی بی کی وجہ سے پارٹی کا نقصان ہوا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو بشریٰ بی بی نے تبدیل کروایا۔ رکن قومی اسمبلی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی سیاست میں وفاداری والی فائل کی طرح ہے جو جتنا مضبوط ہوتا ہے پرکنیکٹ ہو جاتی ہے، پی ٹی آئی کو کوئی بھی .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

محسن نقوی کی دبئی سمٹ میں شرکت، عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں

پاک - یو اے ای دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

دبئی (م ز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دبئی میں منعقدہ ورلڈ گورنمنٹس سمٹ میں شرکت کی جس میں دنیا بھر کے رہنماؤں اور بین الاقوامی ماہرین نے شرکت کی۔ سمٹ کے موقع پر محسن نقوی نے متحدہ عرب امارات کے نائب وزیر اعظم و وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل شیخ سیف بن زید النہیان اور دیگر وزیر داخلہ ڈاکٹر ونسنٹ سے بھی ملاقات کی، ملاقاتوں کے دوران پاک - یو اے ای دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں اشتراک کار بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ہر آمد میں کمی کے باوجود معاشی صورتحال بہتر ہے، گورنر اسٹیٹ بینک

آئی ایم ایف سے سخت مانیٹری پالیسی کا معاہدہ ہے قرضہ ستمبر 2027 تک رول اوور ہو جائے گا، چھ ارب ڈالر قرض کی ادائیگی کر دی، جمیل احمد

مزید چار سے ساڑھے چار ارب ڈالر کی ادائیگی رواں مالی سال کی جائے گی، نئے کرنسی ڈیزائن کے نوٹ عید پر دستیاب نہیں ہوں گے، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے سخت مانیٹری پالیسی کا معاہدہ ہے، برآمدات میں کمی کے باوجود معاشی صورتحال بہتر ہے، قرضہ ستمبر 2027 تک رول اوور ہو جائے گا جبکہ چھ ارب ڈالر قرض کی ادائیگی کر دی، مزید چار سے ساڑھے چار ارب ڈالر کی ادائیگی رواں مالی سال کی جائے گی، نئے کرنسی ڈیزائن کے نوٹ عید پر دستیاب نہیں ہوں گے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کابینہ کے پاس نئے کرنسی نوٹوں کا ڈیزائن موجود ہے منظوری کے .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل، حاجی برکت علی رند، ولی محمد نورزئی و دیگر سینیٹر سعید الحسن مندوخیل کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان میں مڈل کے امتحانات شروع

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مڈل کے امتحانات شروع ہو گئے۔ بلوچستان اسسمنٹ اینڈ ایگزامینیشن کمیشن کے چیف ایگزیکٹو افیسر منیر احمد نودیزئی کے مطابق بلوچستان میں مڈل کے امتحانات جمعہ سے شروع ہو گئے ہیں صوبے کے 353 سینٹرز میں انگریزی کا پہلا پرچہ منعقد ہوا جس کے دوران کسی قسم کا ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔ واضح رہے کہ 26 جنوری سے شروع ہونے والے امتحانات سرکاری ملازمین کے احتجاج کے باعث موخر کر دیئے گئے تھے

نمازیوں کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف جرم ہے، سردار یعقوب خان ناصر

ناکامی دہشت گرد عناصر کا مقدر ہوگی وہ ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ نہیں کر سکتے

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر نے ترلائی اسلام آباد امام بارگاہ دھماکے میں خوش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے معصوم نمازیوں کے دوران معصوم نمازیوں کو نشانہ بنانا بدترین دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف جرم ہے شہداء کے لواحقین کے .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کو نشان عبرت بنایا جائے، سردار عمر گورگیج

معصوم اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ، گھناونا اور انسانیت سوز فعل ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر سینیٹر سردار عمر گورگیج نے اسلام آباد میں امام بارگاہ میں ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معصوم اور نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ، گھناونا اور انسانیت سوز فعل ہے، جس کا کسی بھی مذہب یا معاشرے میں کوئی جواز نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس طرح کے دہشت گر .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء کا خون رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا، علی مدد جتک

حکومت بلوچستان شہداء کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کی شریک ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے گزشتہ دنوں دہشتگردی کے واقعے میں شہید ہونے والے پرائیویٹ سیکیورٹی اہلکار کی رہائش گاہ آمد صوبائی وزیر نے شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور ان کے بلند حوصلے کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ حکومت .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جمعیت کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع عبدالحمید علیزئی کی عیادت کر رہے ہیں

قومی مینڈیٹ چرانے کیخلاف 8 فروری کو تاریخی احتجاج ہوگا، داؤد شاہ کاکڑ

8 فروری کا دن تاریخ میں نااہل حکمرانوں سے یوم نجات اور یوم جمہوریت کے نام سے یاد رکھا جائے گا، صوبائی صدر پاکستان تحریک انصاف

تحریک تحفظ آئین پاکستان کی کال پر 8 فروری کو ملک بھر کی طرح کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بدترین انتخابی دھاندلی کیخلاف احتجاج ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) 8 فروری کو قوم مینڈیٹ چوری، مینڈیٹ چوری، عمران خان کی رہائی کے لیے ایک جان ایک آواز ہو کر نکلے گی 8 فروری 2024 کو فارم 47 حکومتوں کی وجہ سے ملک مسائلستان بن گیا ہے جعلی نمائندوں کے برسر اقتدار کی بدولت عوام کو دہشتگردی، بیروزگاری اور تباہ شدہ معیشت ملی، ملک سے بدامنی، دہشتگردی، مہنگائی کا خاتمہ اور امن و امان عمران خان کی رہائی کے مرہون منت ہے پاکستان .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کو افسران محکمانہ امور پر بریفنگ دے رہے ہیں

حکمرانوں کو بلوچستان کے مسائل اور پریشانیوں سے کوئی سروکار نہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

ظالمانہ اقدامات کی وجہ سے آج بھی بلوچستان جل رہا ہے، 87 ارب سالانہ بجٹ کھانے والے بلوچستان میں امن و امان کے ذمہ دار ہیں

بلوچستان کے عوام کو حقوق، نوجوانوں کو روزگار، تاجروں کیلئے بارڈرز کھولنے کی بجائے انہیں بندوق سے دبایا جا رہا ہے، صوبائی امیر جے آئی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کو امن دینے کے بجائے طاقت کا استعمال، بے عمل اعلانات، دھمکی کی نہیں حقوق دینے اور قومی مشاورت سے متفقہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ ان ظالمانہ اقدامات کی وجہ سے آج بھی بلوچستان بارود پر کھڑا اور جل رہا ہے۔ 87 ارب سالانہ بجٹ کھانے والے بلوچستان میں امن و امان کے ذمہ دار ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی مگر طاقتو .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن عناصر اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، شاہد رند

اسلام آباد حملہ قومی سلامتی اور سماجی ہم آہنگی پر حملہ اور بزدلانہ اقدام ہے

حملے کا مقصد عوام میں خوف و ہراس پھیلانا اور مذہبی منافرت کو ہوا دینا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند نے اسلام آباد کے علاقے ترلائی میں امام بارگاہ کے اندر خودکش دھماکے کو قومی سلامتی اور سماجی ہم آہنگی پر حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے بزدلانہ اقدامات کا مقصد عوام میں خوف و ہراس پھیلانا اور مذہبی منافرت کو ہوا دینا ہے تاہم دشمن عناصر اپنے عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اپنے جاری بیان میں شاہد رند نے کہا کہ نماز جمعہ کے دوران عبادت گاہ کو نشانہ بنانا اس بات کا ثبوت ہے کہ دہشت .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

نئی پالیسی کا اعلان، ڈسکوز نے گزشتہ 2 ماہ سے نیٹ میٹرنگ بند کر دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان سولر ایسوسی ایشن نے بتایا ہے کہ 2027 کی پالیسی کا اعلان کر دیا گیا ہے، گزشتہ 2 ماہ سے ڈسکوز نے نیٹ میٹرنگ بند کر دی ہے، پالیسی کے نفاذ کی تاریخ کا اعلان ہونا چاہیے تھے۔ نیٹ میٹرنگ ریگولیشنز پر سماعت کے دوران پاکستان سولر ایسوسی ایشن نے موقف اپنایا کہ نئی پی پیز کو مراعات ملتی ہیں ادھر نیٹ میٹرنگ صارفین کا عرصہ کم کیا جا رہا ہے

کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان گیس کمپنی کی انسٹالمنٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بے گناہوں کو نشانہ بنانا کسی بھی قوم و مذہب میں جائز نہیں، مولانا عبدالواسع

اسلام آباد امام بارگاہ میں ہونے والے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہیں یہ انسانیت، امن عامہ اور ملکی استحکام پر بزدلانہ حملہ ہے

حکومت اور متعلقہ ادارے اس سانحے کی شفاف، غیر جانبدار اور فوری تحقیقات یقینی بنائیں، ذمہ دار عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے گزشتہ روز اسلام آباد میں ہونے والے افسوسناک بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت، امن عامہ اور ملکی استحکام پر بزدلانہ حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اندوہناک واقعے نے نہ صرف قیمتی انسانی جانوں کا نقصان کیا بلکہ پورے معاشرے کو سوگ اور بے چینی میں مبتلا کر دیا ہے۔ مولانا عبدالواسع نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی، اور کہا کہ بے گناہ شہر .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں ہفتے کے دوران 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسٹیٹ بینک سے جاری اعداد و شمار کے مطابق زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر میں گزشتہ ہفتے کے دوران 5 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا

مساجد و امام بارگاہوں کے باہر تجاوزات فوری ختم کرنے کا حکم

راولپنڈی (زاہد احمد خان) اسلام آباد کی امام بارگاہ میں دھماکے کے بعد راولپنڈی میں سیکیورٹی کو ہائی الرٹ کر دیا گیا، مساجد و امام بارگاہوں کی سیکیورٹی بڑھا دی گئی جبکہ مساجد و امام بارگاہوں کے باہر تجاوزات فوری ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے تمام داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر دی

اظہار لاتعلقی

یہ کہ میں حاجی عبدالعلی ولد نیک محمد قومی شناختی کارڈ نمبر 5-4789491-54203 میرے پانچ بیٹے ہیں تیسرا نمبر بیٹا جس کا نام سمیع اللہ ولد حاجی عبدالعلی قومی شناختی کارڈ نمبر 5-5764131-54203 سکنہ کلی میرزئی تحصیل و ضلع قلعہ عبداللہ ہے۔ سمیع اللہ کو بوجہ نافرمانی غلط حرکات غیر ذمہ دارانہ طرز عمل زندگی گھر میں بھائیوں کے ساتھ جھگڑنے اور اپنے بھائیوں کے کاروبار پر بلاوجہ دعوے کرتا ہے۔ لہٰذا میں اور میرے دیگر چار بیٹوں کے ساتھ غیر ذمہ دارانہ زندگی گزارنے کی وجہ سے میں حاجی عبدالعلی اور دیگر چار بیٹے حاجی حبیب اللہ، حاجی امان اللہ، نصیب اللہ خان کاکڑ اور عنایت اللہ ہم سب سمیع اللہ سے برملا اظہار لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ 03-08-2011 کو سمیع اللہ ولد عبدالعلی کو میں نے اپنے چار بیٹوں سے الگ کر دیا تھا۔ جس کا تحریری اقرار نامہ ایگریمنٹ بمعہ دستخط موجود ہے۔ لہٰذا تمام عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ سمیع اللہ کے ساتھ ہمارا کوئی تعلق نہیں رہا جو بھی لوگ سمیع اللہ سے لین دین کاروبار کرتے ہیں یا تعلق واسطہ رکھتے ہیں وہ اپنے نفع و نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ میرا اور میرے دیگر درج بالا چار بیٹوں کا کوئی تعلق واسطہ نہیں ہوگا۔ مزید یہ کہ سمیع اللہ کے ساتھ ہمارا کوئی خاندانی و سماجی تعلق واسطہ نہیں ہے۔

المشتہر: حاجی عبدالعلی ولد نیک محمد، سکنہ کلی میرزئی تحصیل و ضلع قلعہ عبداللہ، حاجی حبیب اللہ، حاجی امان اللہ، نصیب اللہ خان کاکڑ، عنایت اللہ (پسران) سکنہ کلی میرزئی تحصیل و ضلع قلعہ عبداللہ